★ ABC CERTIFIED ★
Member APNS
روزنامہ
تعمیر وطن کوئٹہ
Daily Tameer-e-Watan Quetta

جلد نمبر 27 ...... شمارہ نمبر 288 بروز جمعرات 16 جولائی 2026ء 30 محرم الحرام 1448ھ ...... قیمت 7 روپے (صفحات 8)   کوئٹہ اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اردو روزنامہ چیف ایڈیٹر: محمد عاطف خان ...... ایڈیٹر: ایم ایس خان

وزیراعظم شہباز شریف سے طلال چوہدری کی ملاقات، داخلی امور اور سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے ملاقات کی، جس میں وزارت داخلہ سے متعلق امور، امن و امان کی صورتحال اور دیگر اہم انتظامی معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران ملک کی مجموعی اور سیاسی صورتحال کا بھی جائزہ لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم نے وزارت داخلہ سے متعلق معاملات پر مؤثر حکمت عملی اور ادارہ جاتی ہم آہنگی کی ضرورت پر زور دیا۔

آئی ایس پی آر کے زیر اہتمام سمر کیمپ 2026، ملک بھر سے 4 ہزار سے زائد طلبہ وطالبات کی شرکت

اسلام آباد (آن لائن) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے زیر اہتمام منعقدہ سمر کیمپ 2026 میں ملک بھر کے 18 سے زائد اسٹیشنز سے چار ہزار سے زیادہ طلبہ و طالبات شریک ہوئے۔ کیمپ کا مقصد نوجوانوں میں قومی شعور، ذمہ دار شہری ہونے کا احساس، قومی یکجہتی اور ریاستی اداروں کے کردار سے آگاہی کو فروغ دینا ہے۔

پیپلز پارٹی کی تجویز تھی کہ ٹروتھ اینڈ ری کنسیلیشن کمیشن بنایا جانا چاہیے، اسحاق ڈار سے بات کی ہے، کمیشن حقائق پر آگاہی سے گا، پارٹی عہدیداران اور ٹکٹ ہولڈرز سے خطاب

فوج ہماری ریڈ لائن ہے، پاک فوج کے خلاف اٹھنے والی کوئی آواز بھی ناقابل قبول ہے

بلاول بھٹو زرداری

مودی سندھ طاس معاہدے پر حملہ آور ہے وہ کشمیر کی موجودہ صورتحال سے فائدہ اٹھانے کے درپے ہے کشمیر کے ساتھ ہماری گہری وابستگی، جہاں کشمیریوں کا پسینہ گرے گا وہاں ہمارا لہو گرے گا

مظفر آباد (آن لائن) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ فوج ہماری ریڈ لائن ہے کشمیر سے پاک فوج کے خلاف اٹھنے والی کوئی آواز بھی ناقابل قبول ہے۔ معرکہ حق میں پاک فوج نے فیلڈ مارشل کی قیادت میں بھارت کو عبرتناک شکست سے دوچار کیا۔ کشمیر کے ساتھ ہماری گہری وابستگی ہے۔ جہاں کشمیریوں کا پسینہ گرے گا وہاں ہمارا لہو گرے گا۔ کشمیریوں کے خلاف کسی قسم کی بات برداشت نہیں کریں گے۔ پارٹی عہدیداران اور ٹکٹ ہولڈرز سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہم نے کشمیریوں کے ساتھ کیے گئے ہر وعدے کو پورا کرنا ہے۔ کوئی بات برداشت نہیں کریں گے۔ کشمیریوں کے خلاف غلط زبان استعمال کرنے سے ہمارا دل ٹوٹ جائے گا۔ انہوں (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر1)

اراکین پارلیمنٹ کے اہل خانہ کو بلیو پاسپورٹ دینے کا بل شرمناک، قومی وقار مجروح ہوگا: احسن اقبال

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی احسن اقبال نے اراکین پارلیمنٹ کی مراعات میں اضافے اور ان کے اہل خانہ کو بلیو پاسپورٹ جاری کرنے سے متعلق ترمیمی بل کو سخت تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے اسے شرمناک قرار دیا ہے۔ احسن اقبال نے اپنے (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر2)

حکومت پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کی قیمت پر ڈیجیٹل میڈیا کو فروغ نہیں دے گی، عطاء تارڑ

اسلام آباد (آن لائن) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے اطلاعات ونشریات کے اجلاس میں وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ نے واضح کیا ہے کہ حکومت پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کی قیمت پر ڈیجیٹل میڈیا کو فروغ نہیں دے گی، جبکہ میڈیا ورکرز کی فلاح، ڈیجیٹل اخبار (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر3)

ہر کوئی تحفے میں پستول نہیں دیتا، ہنگری کے وزیراعظم کا شہباز شریف کے تحفے پر تبصرہ



اسلام آباد (آن لائن) ہنگری کے وزیراعظم پیٹر میگیار نے تحفے میں آم دینے پر پاکستان کے وزیراعظم شہباز شریف کا دلچسپ انداز میں شکریہ ادا کیا ہے۔ پیٹر میگیار نے سوشل میڈیا ویب سائٹ ایکس پر پاکستانی آم ہاتھوں میں تھامے (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر4)

اسلام آباد، اقوام متحدہ کے انڈر سیکرٹری جنرل برائے انسانی امور اور ہنگامی ریلیف کوآرڈینیٹر ٹام فلیچر وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کر رہے ہیں

دہشت گردی ایک قومی مسئلہ ہے جس سے نمٹنے کے لیے ملک کی سیاسی اور عسکری قیادت عوام کے تعاون سے مشترکہ طور پر کام کر رہی ہے، اجلاس سے خطاب

شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی اور بلوچستان کے امن و استحکام کے لیے دہشت گردی کے خلاف کارروائیاں پوری قوت سے جاری رہیں گی، وزیراعلیٰ بلوچستان

ہارڈننگ آف دی اسٹیٹ کانفرنس اجلاس

آپریشن شعبان کی پیش رفت پر اطمینان کا اظہار

بلوچستان میں امن، ریاستی رٹ کے استحکام اور عوام کے تحفظ کے لیے تمام متعلقہ ادارے باہمی تعاون اور مربوط حکمت عملی کے تحت اپنی ذمہ داریاں انجام دیتے رہیں گے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت ہارڈننگ آف دی اسٹیٹ کانفرنس کا 26واں اجلاس بدھ کو منعقد ہوا، اجلاس میں سیکیورٹی صورتحال، دہشت گردی کے خلاف جاری کارروائیوں اور اداروں کے باہمی تعاون کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ بلوچستان اور پولیس کے مشترکہ آپریشن شعبان کی پیش رفت پر اطمینان (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر5)

دہشتگردوں کے خلاف کارروائیاں کامیابی سے جاری ہے، وفاقی وزیر داخلہ

بلوچستان سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے پرعزم ہیں، وفاقی وزیر محسن نقوی

آپریشن شعبان میں مزید 3 دہشت گرد ہلاک، محسن نقوی کا سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ بلوچستان سے دہشت گردی کے خاتمے کے لیے کارروائیاں کامیابی سے جاری ہیں۔ آپریشن شعبان کے دوران مزید 3 دہشت گرد ہلاک کر دیے گئے۔ انہوں نے سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا۔ (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر8)

جنوبی لبنان، غزہ اور مغربی کنارے پر اسرائیلی کارروائیاں، ایک ہی خاندان کے 4 افراد شہید

بیروت (آن لائن) جنوبی لبنان میں اسرائیلی فوج کی کارروائیاں جاری ہیں، ایک ہی خاندان کے 4 افراد شہید ہو گئے۔ (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر7)

امریکا کا ایران پر بڑا معاشی حملہ 50 سے زائد افراد، کمپنیوں اور جہازوں پر پابندیاں

نیٹ ورک اور ایرانی تیل کے معروف کاروباری شخصیت محمد حسین شمخانی سے منسلک

واشنگٹن (آن لائن) امریکا نے ایران کے تیل کی تجارت سے منسلک نیٹ ورک کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 50 سے زائد افراد، کمپنیوں اور بحری جہازوں پر پابندیاں عائد کر دیں۔ (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر6)

میجر (ر) الیاس کبزئی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا اجلاس

سبی (خ ن) ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر9)

گڈانی شپ یارڈ پر 8 سال بعد شپ ری سائیکلنگ بحال، 7 جہاز لنگر انداز

صنعت کی بحالی کی راہ ہموار، گڈانی ہانگ کانگ کنونشن کے عالمی معیار سے ہم آہنگ ہو جائے گا

اسلام آباد/گڈانی (آن لائن) پاکستان کے شپ ری سائیکلنگ شعبے کے لیے اہم پیش رفت، گڈانی شپ یارڈ پر 8 سال بعد شپ ری سائیکلنگ کا عمل شروع ہو گیا ہے۔ (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر10)

اسلام آباد، وزیراعظم محمد شہباز شریف فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کے امور پر نظرثانی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان، چین سرمایہ کاری کانفرنس 17 جولائی سے اسلام آباد میں شروع، 500 چینی سرمایہ کار شرکت کریں گے، ہارون اختر خان، مصطفیٰ کمال

پاکستان چین بی ٹو بی کانفرنس ملکی معیشت کیلئے اہم سنگ میل ثابت ہوگی، وفاقی وزراء

عالمی کمپنیاں پاکستان میں مینوفیکچرنگ یونٹس لگانے کو تیار، فارما، مینوفیکچرنگ اور دیگر شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقع کا جائزہ، متعدد معاہدوں اور ایم او یوز پر دستخط متوقع

فارماسیوٹیکل سمیت مختلف شعبوں میں پاک چین تعاون نہ صرف سرمایہ کاری میں اضافے بلکہ جدید ٹیکنالوجی اور مقامی صنعت کی ترقی کے لیے بھی انتہائی اہم ثابت ہوگا

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان اور چین کے درمیان سرمایہ کاری، صنعتی تعاون اور برآمدات کے فروغ کے ایک نئے باب کا آغاز 17 جولائی سے اسلام آباد میں ہونے والی دو روزہ پاکستان۔ چین بزنس ٹو بزنس (بی ٹو بی) اور سرمایہ کاری کانفرنس ** سے ہوگا، جس میں تقریباً 500 چینی سرمایہ کار اور پاکستانی کاروباری شخصیات شریک ہوں گی۔ کانفرنس کے دوران فارماسیوٹیکل، مینوفیکچرنگ اور دیگر اہم شعبوں میں سرمایہ کاری کے نئے مواقع تلاش کرنے کے ساتھ متعدد کاروباری معاہدوں اور مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط بھی متوقع ہیں۔ وفاقی وزیر برائے (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر11)

طالبات کے لیے گورنمنٹ گرلز اسکول کے قیام کا اعلان کیا تھا، جس پر عملدرآمد کے لیے باقاعدہ انتظامی کارروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے

میر سرفراز بگٹی کا کلی ہبری ہنہ اڑک میں گرلز اسکول کے قیام کا اعلان

سیکریٹری اسکول ایجوکیشن کو مراسلہ جاری، اعلان پر فوری عملدرآمد کیلئے سمری جلد از جلد وزیر اعلیٰ کو منظوری اور احکامات کیلئے پیش کرنے کی ہدایت

کوئٹہ (خ ن) معاون وزیر اعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کلی ہبری، ہنہ اڑک میں شہداء کے اہل خانہ سے تعزیت اور فاتحہ خوانی کے موقع پر علاقے کی طالبات کے لیے گورنمنٹ گرلز اسکول (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر29)

کوئٹہ، ڈپٹی کمشنر مہر اللہ بادینی انسداد پولیو مہم کے دوسرے روز کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لیے ایوننگ ریویو اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان سول ایوارڈز 2026 کی نامزدگیوں کا جائزہ، میرٹ اور شفافیت کو یقینی بنانے پر زور

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر برائے انسانی حقوق سینیٹر اعظم نذیر تارڑ کی زیر صدارت پاکستان سول ایوارڈز 2026 کی ذیلی کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ایوارڈز (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر28)

نفرت انگیز تقاریر سے ملک کو نقصان پہنچتا ہے: رضا ہراج

قومی سلامتی کے اداروں پر تنقید قبول نہیں: وفاقی وزیر وفاقی پیداوار

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر وفاقی پیداوار رضا حیات ہراج نے کہا ہے کہ 10 مئی 2025 پاکستان کی تاریخ کا ایک اہم ترین دن تھا، جس پر پاک فوج، پاک فضائیہ اور پاک بحریہ کامیابی پر مبارکباد کی مستحق ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان شاء اللہ فتح پاکستان کی ہی ہو (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر30)

قومی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں، شہداء کی قربانیوں کو سیاسی اختلافات کی نذر نہ کیا جائے: طارق فضل چوہدری

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ بھارتی میڈیا یا مولانا فضل الرحم (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر27)

پاکستان 2027 میں ایس سی او سربراہی اجلاس کی میزبانی کرے گا، اسحاق ڈار

معیشت، ٹرانسپورٹ اور علاقائی روابط کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے شنگھائی تعاون تنظیم کے سیکریٹری جنرل نورلان یرمیکبایوف کی ملاقات ہوئی۔ ملاقات میں ایس سی او کی ترجیحات اور رکن ممالک کے درمیان تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا اور معیشت، ٹرانسپو (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر31)

تیل و گیس کے شعبے کو محفوظ اور سازگار ماحول کی فراہمی کے لیے حکومت ہر ممکن تعاون کرے گی

تیل و گیس کے شعبے کو درپیش چیلنجز جلد از جلد حل کیے جائیں، اسحاق ڈار

تیل و گیس کے شعبے کو درپیش چیلنجز جلد از جلد حل کیے جائیں، تیل و گیس کی تلاش پر اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ تیل و گیس کے شعبے کو درپیش چیلنجز جلد از جلد حل کیے جائیں، تیل و گیس کے شعبے کو محفوظ اور سازگار ماحول کی فراہمی کے لیے حکومت ہر ممکن تعاون کرے گی۔ نائب وزیراعظم آفس سے جاری اعلامیہ کے مطابق نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی زیر صدارت ایکسپلوریشن اینڈ پروڈکشن سیکٹر سے متعلق کمیٹی کا اجلاس ہوا۔ اجلاس (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر20)

آئندہ چار مالی سالوں کے دوران مہنگائی کم رہنے کی پیشگوئی کر دی

آئی ایم ایف کنٹری رپورٹ جاری، پاکستان میں مہنگائی کی شرح میں اضافے کا خدشہ

اسلام آباد (آن لائن) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے پاکستان میں مہنگائی کی شرح میں اضافے کا خدشہ ظاہر کیا ہے تاہم آئندہ چار مالی سالوں کے دوران (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر12)

وزیراعظم سے اقوام متحدہ کے انڈر سیکرٹری جنرل انسانی امور و ایمرجنسی ریلیف کوآرڈینیٹر کی ملاقات

امن ہی جنگوں سے پیدا ہونے والے انسانی اور معاشی بحرانوں سے مؤثر طور پر نمٹنے کی بنیاد فراہم کرتا ہے، ٹام فلیچر

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے اقوام متحدہ کے انڈر سیکرٹری جنرل برائے انسانی امور و ایمرجنسی ریلیف کوآرڈینیٹر، ٹام فلیچر نے وزیراعظم ہاؤس میں (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر13)

مون سون کے دوران ہنگامی تیاریوں کو مزید مؤثر بنایا جائے، شہباز شریف

وزیراعظم کو مون سون انتظامات، پیشگی اطلاع نظام اور صوبوں سے رابطوں پر بریفنگ

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے مون سون بارشوں کے پیش نظر وفاقی اور صوبائی اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ کاری کو مزید مضبوط بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ کسی بھی ممکنہ ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے پیشگی تیاریوں اور بروقت ردعمل کو یقینی بنایا جائے۔ وزیراعظم سے چیئرمین نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) لیفٹیننٹ جنرل انعام حیدر ملک نے ملاقات کی، جس میں انہیں ملک بھر میں مون سون بارشوں کے دوران ممکنہ ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے کیے گئے انتظامات پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ ملاقات کے دورا (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر19)

پاکستان میرین اکیڈمی کو ڈگری دینے والا ادارہ بنایا جائے گا، سمری وزیراعظم کو ارسال

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر برائے بحری امور جنید انوار چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستان میرین اکیڈمی کی اپ گریڈیشن (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر15)

تنظیم اساتذہ پاکستان کے سابق صدر صوبہ سندھ مکرم پروفیسر محمد حسین سومرو سے ملاقات

فرید آباد (آن لائن) تنظیم اساتذہ پاکستان کے سابق صدر صوبہ سندھ مکرم پروفیسر محمد حسین سومرو سے ملاقات کا شرف حاصل ہوا۔ انہوں نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر14)

پاکستان اور ترکیہ کی لازوال دوستی ہر آزمائش میں مزید مضبوط ہوئی، عطاء اللہ تارڑ

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر16)

اسحاق ڈار 16 سے 17 جولائی تک شنگھائی، چین کا دورہ کریں گے، ترجمان دفتر خارجہ

پاکستان عالمی مصنوعی ذہانت تعاون تنظیم کے بانی رکن کی حیثیت سے معاہدے پر دستخط کرے گا

اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار 16 سے 17 جولائی تک شنگھائی، چین کا دورہ کریں گے، اسحاق ڈار عالمی مصنوعی ذہانت تعاون تنظیم (ڈبلیو اے آئی سی او) کے قیام کی تقریب میں شرکت کریں گے، پاکستان ڈبلیو اے آئی سی او کے بانی رکن کی حیثیت سے معاہدے پر دستخط کرے گا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق اسحاق ڈار ورلڈ آرٹیفیشل انٹیلیجنس کانفرنس 2026 اور عالمی AI گورننس اجلاس میں شرکت کریں گے، اسحاق ڈار چینی وزیر خارجہ وانگ ای سے دوطرفہ ملاقات کریں گے، اسحاق ڈار دیگر ہم منصب وزرائے خارجہ سے (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر18)

چاندی کی قیمت میں اضافے کے بعد وفاقی حکومت نے دیت کی رقم میں بھی اضافے کا فیصلہ

اسلام آباد (آن لائن) چاندی کی قیمت میں اضافے کے بعد وفاقی حکومت نے دیت کی رقم میں بھی اضافے کا فیصلہ کر لیا۔ نئے مالی سال کے لیے دیت کی رقم 1 کروڑ (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر17)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے مسلم لیگ ن بلوچستان کے صدر سعد اللہ ترین کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

اس عرصے میں سزائے موت کی 608 اپیلوں کا فیصلہ کیا گیا اور اب صرف 22 اپیلیں سال 2026 کی زیر التوا ہیں

سپریم کورٹ پاکستان کی اصلاحاتی حکمت عملی، عدالتی نظام میں بروقت انصاف کی فراہمی کو ممکن بنا دیا

جان، آزادی، خاندانی حقوق، ٹیکس اور کرایہ داری سے متعلق مقدمات کو اولین ترجیح دیتے ہوئے زیر سماعت مقدمات کی عمر میں نمایاں کمی لائی ہے

اسلام آباد (آن لائن) سپریم کورٹ آف پاکستان کی اصلاحاتی حکمت عملی نے عدالتی نظام میں بروقت انصاف کی فراہمی کو ممکن بنا دیا ہے۔ جوڈیشل ریفارم ایکشن پلان کے تحت بہتر کیس مینجمنٹ، شواہد پر مبنی نگرانی اور ٹیکنالوجی کے استعمال سے زیر التوا مقدمات میں نمایاں کمی آئی ہے اور پرانے مقدمات کو ترجیحی بنیادوں پر نمٹایا جا رہا ہے۔ عدالتی ریکارڈ کے مطابق سپریم کورٹ نے جان، آزادی، خاندا (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر26)

پی ایس او کے حق میں اہم فیصلہ، سپریم کورٹ نے دو دہائیوں پرانے کسٹمز ٹیکس کیس میں شوکاز کالعدم قرار دیدیا

اسلام آباد (آن لائن) سپریم کورٹ نے دو دہائیوں پرانے کسٹمز ٹیکس کیس میں پاکستان اسٹیٹ آئل (پی ایس او) کے حق میں اہم فیصلہ سناتے ہوئے 2002 میں جاری کیا گیا شوکاز نوٹس کالعدم قرار دے دیا ہے۔ عدالت نے قرار دیا کہ مقررہ قانونی مدت گزر جانے کے بعد کی گئی ٹیکس کارروائی قانون کے مطابق نہیں ہو سکتی۔ چیف جسٹس (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر24)

کچھی میں ٹماٹروں سے لدے مزدا ٹرک سے 11 کروڑ مالیت کی کرسٹل آئس برآمد

دشمن عناصر کو ملکی معیشت اور قومی سلامتی سے کھیلنے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی، کسٹمز حکام

کچھی (آن لائن) بلوچستان کے ضلع کچھی کے علاقے کولپور میں کسٹمز انفورسمنٹ یونٹ نے کارروائی کرتے ہوئے 10 کلوگرام کرسٹل آئس برآمد کر لی۔ کسٹمز حکام کے مطابق ضلع کچھی میں کارروائی کے دوران برآمد ہونے والی 10 کلوگرام کرسٹل آئس کی مالیت تقریباً 11 کروڑ 12 لاکھ روپے ہے۔ ٹماٹروں سے لدے مزدا ٹرک سے فیول ٹینک کے ساتھ نصب سلنڈر نما خفیہ خانے سے 10 پیکٹ برآمد ہوئے۔ کسٹمز حکام کا کہنا ہے کہ منشیات اسمگلنگ میں ملوث ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے، دشمن عناصر کو ملکی معیشت اور قومی سلامتی سے کھیلنے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی۔ قانون نافذ کر (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر25)

ملک بھر سے 3 لاکھ 25 ہزار سے زائد افراد نے فریضہ حج کی ادائیگی کیلئے رجسٹریشن کرا لی

رجسٹرڈ عازمین میں 1 لاکھ 91 ہزار مرد جبکہ 1 لاکھ 34 ہزار خواتین شامل ہیں، ترجمان مذہبی امور

نیشنل آئی ٹی بورڈ کے تیار کردہ حج پورٹل پر رجسٹرڈ عازمین حج کی تعداد سوا تین لاکھ سے زائد ہوگئی ہے

اسلام آباد (آن لائن) ملک بھر سے 3 لاکھ 25 ہزار سے زائد افراد نے فریضہ حج کی ادائیگی کے لئے رجسٹریشن کرا لی۔ ترجمان مذہبی امور کے مطابق حج 2027 تا 2030 کے لیے گھر بیٹھے ڈیجیٹل حج رجسٹریشن کا عمل جاری ہے۔ نیشنل آئی ٹی بورڈ کے تیار کردہ حج پورٹل پر رجسٹرڈ عازمین حج کی تعداد سوا تین لاکھ سے زائد ہو گئی ہے۔ ترجمان کے مطابق حج پورٹل (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر22)

مولانا فضل الرحمن ملک کی سیاست کا قد آور اصولی اور باوقار کردار ہیں، عثمان بادینی

مولانا صاحب نے ہمیشہ آئین، جمہوریت اور پارلیمانی روایات کے تحفظ کے لیے اپنا مؤثر کردار ادا کیا ہے

مسلم لیگ (ن) کے بعض اراکین کی جانب سے مولانا فضل الرحمان پر تنقید کھلی منافقت اور سیاسی موقع پرستی قرار دیا ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علمائے اسلام کے قومی اسمبلی میں چیف وہیپ میر عثمان بادینی نے مسلم لیگ (ن) کے بعض اراکین کی جانب سے قائد جمعیت حضرت مولانا فضل الرحمان کے خلاف کی جانے والی بیان بازی کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے اسے کھلی منافقت اور سیاسی موقع پرستی قرار دیا ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ مسلم لیگ (ن) کے رہنما آج جس انداز میں حضرت مولانا فضل الرحمان پر تنقید (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر21)

ایف بی آر کاروباری طبقے کیساتھ تعاون اور ان کے جائز مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرے، وزیراعظم

ٹیکس قوانین کی پابندی کرنے والی کمپنیوں کی سرکاری سطح پر حوصلہ افزائی اور ان کی خدمات کا اعتراف کیا جائے گا

شوگر، سیمنٹ، ٹوبیکو، ٹائلز اور فرٹیلائزرز میں پروڈکشن مانیٹرنگ سسٹم کی تنصیب مکمل، ٹیکسٹائل، مشروبات میں کام جاری

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ ایف بی آر کاروباری طبقے کے ساتھ تعاون اور ان کے جائز مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرے، ٹیکس قوانین کی پابندی کرنے والی کمپنیوں کی سرکاری سطح پر حوصلہ افزائی اور ان کی خدمات کا اعتراف کیا جائے گا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت ایف بی آر اصلاحات پر جائزہ اجلاس ہوا جس میں جاری اصلاحات اور ٹیکس نظام میں بہتری پر پیش رفت کا (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر23)

ABC CERTIFIED
روزنامہ
تعمیر وطن
TAMEER-E-WATAN

رواں سال کاروباری سال

پاکستان کی معیشت استحکام کی راہ پر گامزن ہے اور رواں سال ملک میں معاشی ترقی اور کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کا سال ہوگا۔ وزیراعظم کی زیر صدارت ایف بی آر اصلاحات پر جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں ملک کے ٹیکس نظام میں جاری اصلاحات اور بہتری کی پیشرفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کاروباری برادری کو قومی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی قرار دیا اور کہا کہ انہیں پیداوار بڑھانے اور برآمدات کے فروغ کے لیے ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے گی۔ ایف بی آر کے کردار کے حوالے سے واضح ہدایات جاری کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ ایف بی آر کاروباری طبقے کے ساتھ مکمل تعاون کرے اور ان کے جائز مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرے، وزیراعظم نے ایف بی آر کے سینئر افسران کو ہر ماہ کے پہلے ہفتے کراچی کا دورہ کرنے کی ہدایت دی تاکہ کاروباری برادری سے براہ راست رابطہ قائم ہو سکے اور ان کے مسائل کو بلا تاخیر حل کیا جا سکے۔ اس کے علاوہ ٹیکس قوانین کی پابندی کرنے والی کمپنیوں کی سرکاری سطح پر حوصلہ افزائی اور ان کی خدمات کا اعتراف بھی کیا جائے گا۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ حکومت کا حتمی مقصد کاروبار میں آسانیاں پیدا کرنا، سرمایہ کاری اور برآمدات کو فروغ دینا اور ٹیکس کے نظام کو مزید شفاف اور آسان بنانا ہے تاکہ کاروباری برادری کا اعتماد بڑھ سکے۔ اجلاس کے دوران ایف بی آر حکام نے وزیراعظم کو کارکردگی اور جاری اصلاحات کے نفاذ پر بریفنگ دی، بریفنگ میں بتایا گیا کہ شوگر، سیمنٹ، ٹوبیکو، ٹائلز اور فرٹیلائزرز کی صنعتوں میں پروڈکشن مانیٹرنگ سسٹم کامیابی سے نصب کیا جا چکا ہے، جبکہ ٹیکسٹائل اور مشروبات کی صنعتوں میں اس نظام کی تنصیب کا عمل جاری ہے۔ دوران بریفنگ بتایا گیا کہ پروڈکشن مانیٹرنگ سسٹم کے مثبت نتائج بھی سامنے آئے ہیں، گزشتہ ایک سال کے دوران شوگر انڈسٹری میں 42 بلین روپے، سیمنٹ انڈسٹری میں 38 بلین روپے، اور بیوریجز انڈسٹری میں 15 بلین روپے کا اضافی ٹیکس اکٹھا ہوا ہے۔ اجلاس میں وفاقی وزرا اعظم نذیر تارڑ، احد خان چیمہ، محمد اورنگزیب، عطا اللہ تارڑ، شزا فاطمہ، وزیر مملکت بلال اظہر کیانی، معاون خصوصی ہارون اختر، گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد اور دیگر اعلیٰ سرکاری افسران نے شرکت کی۔

بقیہ 01

نے کہا پاک فوج ہماری ریڈ لائن ہے، کشمیر سے فوج کے خلاف اٹھنے والی آواز بھی ناقابل قبول ہوگی۔ انہوں نے کہا معرکہ حق میں پاک فوج نے فیلڈ مارشل کی قیادت میں بھارت کو پہلے ہی ایسا سبق دکھا دیا ہے جو وہ کبھی نہیں بھولے گا۔ انہوں نے

امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے بتایا کہ سوشل میڈیا سے متعلق 2021 کی پالیسی میں 2022 میں ترمیم کی گئی، جبکہ اشتہاری پالیسی 2024 میں گوگل اینالیٹکس، ویب گرافکس اور تھرڈ پارٹی ویریفکیشن کا نظام شامل کیا گیا ہے تاکہ شفافیت کو یقینی بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ

بقیہ 01

کی بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ چیف سیکرٹری شکیل قادر خان نے کہا کہ [illegible] اور رسائی سے محروم آبادیوں تک کیسوں کی موثر نگرانی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ پولیو کا خاتمہ حکومت کی ذمہ داری ہے اس کے لیے تمام متعلقہ اداروں، مقامی انتظامیہ، صحت عامہ کے کارکنوں، علما، سماجی رہنماؤں اور والدین کو مشترکہ کردار ادا کرنا ہوگا۔ قوم کے مستقبل کو پولیو سے محفوظ بنانے کے لیے اجتماعی عزم اور فوری عملی اقدامات وقت کی اہم ضرورت ہیں۔ اس موقع پر بتایا گیا کہ نومبر 2024 سے بلوچستان میں پولیو کا ایک بھی کیس درج نہیں ہوا جو کہ بڑی کامیابی ہے۔ اس موقع پر سیکرٹری صحت مجیب الرحمٰن پانیزئی، صوبائی کوآرڈینیٹر ای او سی انعام الحق و دیگر بھی موجود تھے۔

بقیہ 02

روپے کا قرضہ قبل از وقت واپس کر چکا ہے۔ ان کے مطابق صرف مالی سال 2025-26 کے دوران اب تک 2,900 ارب روپے کا قرضہ مقررہ مدت سے پہلے ادا کیا گیا، جو گزشتہ مالی سال کے اسی عرصے کے مقابلے میں 62 فیصد زیادہ ہے۔ خرم شہزاد نے کہا کہ قبل از وقت واپس کیے گئے قرضوں میں 51 فیصد اسٹیٹ بینک آف پاکستان جبکہ 49 فیصد دیگر مالیاتی اداروں کا قرض شامل ہے۔ انہوں نے بتایا کہ مؤثر قرض نظم و نسق اور بہتر مالیاتی پالیسیوں کے باعث پاکستان کا قرضہ برائے جی ڈی پی تناسب 75 فیصد سے کم ہو کر تقریباً 68.5 فیصد رہ گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بہتر انتظامی حکمت عملی اور مالیاتی نظم و ضبط کے نتیجے میں سرمایہ کاروں کا اعتماد مزید مستحکم ہوا ہے، جبکہ پاکستان ایک مضبوط، پائیدار اور کم لاگت مالیاتی نظام کی جانب تیزی سے پیش رفت کر رہا ہے۔#/s#

بقیہ 03

جائے حکومت ساحل وسائل پر قبضہ جمانے کے لیے پشتون بلوچ کی خون بہائے جا رہے ہیں طاقت اور دیا ہے آزادی رائے کا حق چھینا جا رہا ہے نام نہاد دہشت گردی کی آڑ میں حکمرانوں نے خیبر پختونخوا اور بلوچستان کو میدان جنگ بنایا ہے حکومت کی ظلم و جبر کی باعث آج بلوچستان خیبر پختونخوا کشمیر اور گلگت بلتستان سرائیکی سب ناراض ہے 78 سال سے پشتون بلوچ کو ترقی اور خوشحالی کی بجائے ہزاروں لاشوں کی تحفے دیا گیا انہوں نے کہا کہ نااہل حکمرانوں کی جبر و ظلم کی استحصالی اقدامات نے بلوچستان کو مسالستان بنا دیا سوچی سمجھے منصوبے کے تحت بلوچستان کی استحصال کیا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ حکومت فوری طور پر مطالبات کو من و عن تسلیم کرے تمام ارباب اختیار اور قانون نافذ کرنے والے اداروں مزید قانون کا راگ نہ الاپے بلوچستان میں عوام اب جینے کا حق مانگ رہی ہے حکومت پرامن احتجاج اور دھرنے کو کمزوری نہ سمجھے اگر فیصلہ ہو گیا تو دمادم مست قلندر ہوگا آج تمام سیاسی جماعتیں اور قبائلی مشران اس ظلم کے خلاف سخت لائحہ عمل طے کیا ہے

بقیہ 04

نوکل پرنس اعجاز نور سمیت متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کچھی تابش علی بلوچ نے کہا کہ بی ایس ڈی آئی پروگرام کے فیز 1 اور فیز 2 کامیابی سے مکمل کیے جا چکے ہیں، جبکہ فیز 3 میں ضلع کچھی کی ترقی کے لیے 78 نئی ترقیاتی اسکیمیں شامل کی گئی ہیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ تمام متعلقہ محکمے باہمی تعاون سے فیز 3 کو بھی اسی کامیابی کے ساتھ پایہ تکمیل تک پہنچائیں گے۔ اجلاس کے دوران فیز 3 کی تمام مجوزہ اسکیموں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، تکنیکی امور پر غور کیا گیا اور فیصلہ کیا گیا کہ ضروری کارروائی مکمل ہونے کے بعد ان منصوبوں کو آئندہ چند روز میں ٹینڈر کے عمل کے لیے بھیج دیا جائے گا تاکہ ترقیاتی سرگرمیوں کا باقاعدہ آغاز بروقت یقینی بنایا جا سکے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کچھی یاسر اقبال دشتی نے اپنے خصوصی پیغام میں واضح ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ بی ایس ڈی آئی پروگرام فیز 3 کے تمام منصوبوں میں معیار، شفافیت اور بروقت تکمیل پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ عوامی مفاد کے منصوبوں کو مقررہ مدت میں اعلیٰ معیار کے مطابق مکمل کرنے کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائی جائیں۔ ڈپٹی کمشنر کچھی یاسر اقبال دشتی کی موثر نگرانی، شفاف طرز حکمرانی اور عوام دوست وژن کے باعث ضلع کچھی میں ترقیاتی منصوبوں کی رفتار میں نمایاں بہتری آئی ہے، جبکہ بی ایس ڈی آئی پروگرام کے ذریعے عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات تیزی سے جاری ہیں۔

بقیہ 05

کی۔ وفد نے ڈپٹی کمشنر کو آگاہ کیا کہ ججم مچھلی کے شکار پر عائد پابندی کے باعث سینکڑوں ماہی گیروں اور ان کے خاندانوں کا روزگار متاثر ہو رہا ہے۔ انہوں نے درخواست کی کہ اس معاملے کا ازسرنو جائزہ لے کر ایسا حل نکالا جائے جس سے ماہی گیروں کے معاشی مفادات کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔ وفد نے حالیہ مالی نقصانات کے ازالے اور متعلقہ معاملات کو قانون کے مطابق حل کرنے کی بھی درخواست پیش کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نقیب اللہ کاکڑ نے وفد کے مسائل تفصیل سے سنے اور یقین دہانی کرائی کہ ضلعی انتظامیہ ماہی گیروں کے جائز تحفظات کو سنجیدگی سے لے رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ متعلقہ محکموں کے ساتھ مشاورت کے ذریعے تمام قانونی اور انتظامی پہلوؤں کا جائزہ لیا جائے گا تاکہ ایسا متوازن اور پائیدار حل نکالا جا سکے جو قانون، عوامی مفاد اور ماہی گیروں کے روزگار کے تحفظ سے ہم آہنگ ہو۔ وفد نے موقف اختیار کیا کہ ججم ایک اہم برآمدی مچھلی ہے جس کی بین الاقوامی منڈی میں نمایاں طلب موجود ہے اور اس کی تجارت سے ضلع گوادر کے سینکڑوں خاندانوں کا روزگار وابستہ ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ ضلعی انتظامیہ اس معاملے میں مثبت پیش رفت کو یقینی بنائے گی۔ ڈپٹی کمشنر نقیب اللہ کاکڑ نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ تمام اسٹیک ہولڈرز کو ساتھ لے کر مسائل کے دیرپا حل پر یقین رکھتی ہے اور عوامی مفاد کو مقدم رکھتے ہوئے ایسے اقدامات کیے جائیں گے جن [illegible]

بقیہ 06

[illegible] قیام میں بنیادی کردار ادا کرتی ہیں۔ سرکار کے تعارف کے بعد آواز سینٹر فار ڈویلپمنٹ سروسز کی مریم نے ایک جامع پریزنٹیشن پیش کی جس میں پاکستان میں مقامی حکومتوں کے آئینی ارتقاء، ادارہ جاتی ڈھانچے، موجودہ قانونی فریم ورک اور انتظامی، مالی و سیاسی خودمختاری کی اہمیت پر تفصیلی روشنی ڈالی گئی۔ اس پریزنٹیشن نے شرکاء کے درمیان ایک تعمیری اور معلوماتی بحث کی بنیاد فراہم کی۔ مالی خودمختاری پر گفتگو کرتے ہوئے امداد نے کہا کہ مقامی حکومتوں کا مؤثر نظام مضبوط مالی اختیارات کے بغیر ممکن نہیں۔ انہوں نے بتایا کہ مقامی حکومتیں اپنے سالانہ بجٹ اور ترقیاتی منصوبے تیار کرتی ہیں جبکہ وسائل کی تقسیم بلوچستان فنانس کمیشن کے فریم ورک کے تحت صوبائی فنانس کمیشن کے ذریعے کی جاتی ہے۔ تاہم محدود مقامی آمدنی کے باعث بلدیاتی ادارے اب بھی صوبائی فنڈز پر انحصار کرتے ہیں، جس سے ترقیاتی منصوبوں پر عملدرآمد میں تاخیر اور مالی خودمختاری متاثر ہوتی ہے۔ انہوں نے مالی وسائل کی بروقت فراہمی اور مقامی آمدنی کے ذرائع میں اضافے پر زور دیا۔ انتظامی خودمختاری پر اظہار خیال کرتے ہوئے ایم علی نے کہا کہ ضلعی کونسلیں، میونسپل کمیٹیاں اور یونین کونسلیں بنیادی بلدیاتی خدمات اور ترقیاتی منصوبوں کی ذمہ دار ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ صاف پانی، نکاسی آب، ٹھوس فضلے کا انتظام، اسٹریٹ لائٹس، مقامی سڑکوں کی دیکھ بھال اور بنیادی انفراسٹرکچر کی تعمیر مقامی حکومتوں کی اہم ذمہ داریوں میں شامل ہے۔ ان کے مطابق اگرچہ قانونی طور پر اختیارات موجود ہیں، تاہم صوبائی انتظامی ڈھانچے کی مداخلت مقامی اداروں کی عملی خودمختاری کو محدود کرتی ہے۔ سیاسی خودمختاری پر گفتگو کرتے ہوئے مہرین خان نے کہا کہ منتخب بلدیاتی نمائندے شہریوں اور حکومت کے درمیان بنیادی رابطے کا ذریعہ ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ باقاعدہ اور بروقت بلدیاتی انتخابات جمہوری تسلسل کے لیے ناگزیر ہیں، تاہم سیاسی مداخلت، ادارہ جاتی کمزوریاں اور انتخابات میں تاخیر مقامی حکومتوں کی مؤثریت کو متاثر کرتی ہے۔ آئینی پہلوؤں پر روشنی ڈالتے ہوئے بہرام نے کہا کہ آئین کی اٹھارویں ترمیم نے اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی کو آئینی تحفظ فراہم کیا اور صوبوں کو فعال مقامی حکومتوں کے قیام کا پابند بنایا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان اسمبلی کی ذمہ داری ہے کہ وہ ایسا بلدیاتی نظام برقرار رکھے جو فعال، نمائندہ اور عوامی ضروریات سے ہم آہنگ ہو۔ لوکل گورنمنٹ ڈیپارٹمنٹ کے ایم ناصر نے کہا کہ مقامی حکومتیں بلدیاتی ضوابط، شہری منصوبہ بندی، بنیادی ڈھانچے کی ترقی اور صوبائی ترقیاتی منصوبوں کے نفاذ میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ضلعی کونسلیں دیہی ترقی جبکہ یونین کونسلیں عوامی مسائل کے فوری حل میں بنیادی کردار ادا کرتی ہیں۔ انہوں نے خواتین، نوجوانوں اور اقلیتی برادریوں کے لیے مخصوص نشستوں کو جامع اور نمائندہ طرز حکمرانی کے لیے اہم قرار دیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے عنایت نے مقامی حکومتوں کو درپیش احتساب اور طرز حکمرانی کے مسائل پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ نگرانی کے کمزور نظام کے باعث بدعنوانی، اختیارات کے ناجائز استعمال، مالی بدانتظامی، ترقیاتی فنڈز کے غلط استعمال، نامکمل منصوبوں اور غیر شفاف خریداری جیسے مسائل عوامی اعتماد کو متاثر کر رہے ہیں۔ انہوں نے شفافیت، آزاد نگرانی، شہری مانیٹرنگ اور مضبوط احتسابی نظام کی ضرورت پر زور دیا۔ اختتامی کلمات میں ضیاء نے تمام مقررین، شرکاء، شراکت دار اداروں اور دیگر متعلقہ فریقوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ بلوچستان میں بااختیار، مؤثر اور جوابدہ مقامی حکومتوں کے فروغ کے لیے شواہد پر مبنی وکالت، پالیسی مکالمے اور حکومت و سول سوسائٹی کے درمیان تعاون کو مزید مضبوط بنایا جائے گا۔ اجلاس کے اختتام پر شرکاء نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان میں ایک مضبوط، شفاف، عوام دوست اور بااختیار مقامی حکومت کے نظام کے قیام کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 07

جولائی (جمعرات) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے 11kv جناح ٹاؤن، بروری روڈ، ملک پلانٹ فیڈرز سے صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک جبکہ شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے 11kv جبل نور، خروٹ آباد، ہکالو، ویسٹرن بائی پاس، داریم، اویان دوستین فیڈروں سے صبح 10:30 بجے سے دوپہر 2:30 بجے تک بجلی بند رہے گی۔ اسی طرح 17 جولائی (جمعہ) سریاب گرڈ کے 11kv سریاب ون، سریاب ٹو، کرانی، ہزارہ ٹاؤن، ای ون سٹی، خیر بخش مری، جائنٹ روڈ، اولڈ لیاقت بازار، غازی، واسا اور اولڈ سٹلائٹ ٹاؤن فیڈر جبکہ کوئٹہ سٹی گرڈ کے نواں کلی مالک فیڈر سے صبح 10 بجے تا دوپہر 2 بجے بجلی کی فراہمی معطل رہے گی نیز اسی روز زرغون گرڈ اسٹیشن کے نواں کلی بائی پاس، عسکری ون، صاحبزادہ، ایف سی ٹروپس فیڈر سے دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند ہوگی۔ علاوہ ازیں مختلف گرڈ اسٹیشن اور ٹرانسمیشن لائنوں پر ضروری مرمت اور ٹیسٹنگ کے کام کیے جا رہے ہیں۔ اس سلسلے میں 16 جولائی کو 132kv مستونگ گرڈ اسٹیشن کے اولڈ لک پاس، نیو لک پاس اور کھڈ کوچہ فیڈروں سے صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک جبکہ 17 جولائی کو 132kv زیارت گرڈ اسٹیشن سے صبح 10 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند رہے گی۔ کیسکو نے بجلی بندش پر زحمت کے لئے متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی ہے۔

بقیہ 08

جس سے حالات کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ حکام پر عائد ہوگی۔ یہ بات انہوں نے وسیم خان کھوسہ، خادم حسین کھوسہ کے ہمراہ بدھ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ کئی عرصے سے نہل کے زمینداروں کو پانی کی فراہمی نہ ہونے کی وجہ سے زراعت کا شعبہ زبوں حالی کا شکار ہے پانی کی فراہمی میں سب سے بڑی رکاوٹ بنائی گئی دیوار ہے جس کو ہٹانے کیلئے ہم نے سیکرٹری ایریگیشن کو درخواست دی اور وزیر اعلیٰ بلوچستان سے ملنے کی کوشش کی مگر ملاقات نہ ہو سکی۔ انہوں نے کہا کہ پانی کی شدید قلت اور جھڈیر شاخ میں موجود اس دیوار کی رکاوٹ کی وجہ سے ہمارا اور ہزاروں کی تعداد میں غریب کسانوں کو زراعت، علاقہ کھیتوں اور جانوروں پینے کے پانی کا شدید مسئلہ درپیش ہے۔ زمینداروں نے بیج لگائے ہیں پانی کی عدم فراہمی سے خشک ہو رہے ہیں کسانوں نے ادھار پر بیج اور کھاد لئے ہیں جس کی وجہ انہیں، کروڑوں روپے نقصان ہو رہے ہیں اور وہ ان قرضوں کے بوجھ تلے دب رہے ہیں اور مالی مسائل کے باعث خودکشی پر مجبور ہوں گے۔ علاقے میں شدید قحط سالی ہونے کا اندیشہ بڑھ رہا ہے اور جھڈیر شاخ کی ٹیل پر بااثر زمینداروں کی دیوار قائم کرنے سے زمینیں بنجر ہو رہی ہے۔ انہوں نے فیلڈ مارشل حافظ عاصم منیر، وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، صوبائی وزیر میر صادق عمرانی، چیف سیکرٹری شکیل قادر خان اور سیکرٹری ایریگیشن سہیل الرحمٰن بلوچ سمیت دیگر اعلیٰ حکام سے مطالبہ کرتے ہیں کہ غریب کسانوں کی داد رسی کر کے جھڈیر شاخ پر موجود غیر قانونی رکاوٹ کو ہٹا کر پانی کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنا کر علاقے کو پانی کی قلت سے چھٹکارا دلایا جائے بصورت دیگر کسان جعفرآباد سے کوئٹہ تک پرامن لانگ مارچ کریں گے۔

بقیہ 09

یت کی گئی جبکہ انسپکٹر نصیرآباد رینج حبیب اللہ لاشاری کو ایس ڈی پی او چھتر تعینات کیا گیا، ایس ڈی پی او شہید فضل خان شمبانی سرکل بمقام لونی بھی طالب حسین لاشاری کی خدمات ڈی آئی جی نصیرآباد رینج کے حوالے کی گئی جبکہ انسپکٹر اپر ڈیرہ بگٹی پرویز خان کو ایس ڈی پی او شہید فضل خان شمبانی سرکل بمقام لونی بھی تعینات کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 10

تپاک استقبال کیا اور ان کے ساتھ اپنی "بہترین ہم آہنگی" کی تعریف کی۔ اوول آفس میں مشترکہ گفتگو کے دوران صدر ٹرمپ نے کہا کہ علی الزیدی ایک کامیاب کاروباری شخصیت ہیں جو سیاسی تجربہ نہ ہونے کے باوجود اقتدار تک پہنچے، اور انہیں یقین ہے کہ وہ نہ صرف عراق بلکہ پورے مشرق وسطیٰ میں مؤثر قیادت فراہم کریں گے۔ صدر ٹرمپ نے مزید کہا کہ "میری بات یاد رکھیں، میں جانتا تھا کہ میں کیا کر رہا ہوں۔ یہ شخص مشرق وسطیٰ کا ایک عظیم رہنما ثابت ہوگا، اور اس کا اثر پورے خطے میں پھیلے گا۔" علی الزیدی گزشتہ سال ہونے والے پارلیمانی انتخابات کے بعد کئی ماہ کے سیاسی تعطل کے بعد اتفاق رائے سے عراق کے وزیراعظم منتخب ہوئے۔ اس سے قبل صدر ٹرمپ نے عندیہ دیا تھا کہ اگر الزیدی کے علاوہ کسی اور امیدوار کو وزیراعظم بنایا گیا تو امریکہ عراق کی حمایت پر نظرثانی کر سکتا ہے۔ وزیراعظم علی الزیدی نے مترجم کے ذریعے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وہ "دنیا کی قدیم ترین تہذیب" عراق کی جانب سے نیک تمنائیں لے کر آئے ہیں۔ ان کے مطابق، اس دورہ امریکہ کا بنیادی مقصد دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی شراکت داری کا اعلان کرنا ہے۔ یہ ملاقات ایسے وقت میں ہوئی ہے جب امریکہ اور عراق دونوں خطے میں سیکیورٹی، توانائی، سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون کو مزید فروغ دینے کے خواہاں ہیں۔#/s#

بقیہ 11

عدالت میں میرٹ اور داد رسی کے حوالے سے دائر کی گئی درخواست پر احکامات کے مطابق جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں کمیٹی کے دیگر ارکان، ڈویژنل ڈائریکٹر اسکولز عبدالواسع کاکڑ، وائس پرنسپل بوائز ڈگری کالج خالد سلطان، سعدیہ خان اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ عدالتی احکامات کی روشنی میں امیدوار کے تمام دستاویزات کی تفصیلی جانچ پڑتال کے دوران یہ بات سامنے آئی کہ درخواست گزار کے اصل نمبر زیادہ تھے تاہم انہیں کم ظاہر کیا گیا تھا۔ اس موقع پر کمشنر صلاح الدین نورزئی نے ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ حقدار امیدوار کو ہر صورت انصاف فراہم کیا جائے گا اور اسے اس کا جائز حق دیا جائے گا، جبکہ میرٹ کی بنیاد پر شفاف تعیناتیاں موجودہ حکومت کا وژن ہیں اور اس پر سختی سے عمل درآمد کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔

بقیہ 12

تقاضوں کے مطابق ہیں۔ حکومت کو چاہیے کہ شہدا کے قاتلوں کو فوری طور پر گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لائے، واقعے کی شفاف اور غیر جانبدار عدالتی تحقیقات کرائے، متاثرہ خاندانوں کو انصاف فراہم کرے اور علاقے میں عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے مؤثر اقدامات کرے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے دھرنے میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ زیارت کے عوام، قبائلی عمائدین، سیاسی و سماجی رہنما اور شہدا کے لواحقین متحد ہیں اور اپنے جائز مطالبات کی منظوری تک پرامن جدوجہد جاری رکھیں گے۔ انہوں نے واضح کیا کہ دھرنے کی قیادت ہر مرحلے پر تحمل، بردباری اور قانون کی پاسداری کو مقدم رکھے ہوئے ہے اور کسی بھی قسم کی بدامنی یا تصادم کی خواہاں نہیں۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ تاخیری حربے ترک کر کے سنجیدگی کے ساتھ مذاکرات کو نتیجہ خیز بنائے، شہدا کے لواحقین کے مطالبات فوری طور پر تسلیم کرے اور علاقے میں پائیدار امن کے قیام کے لیے عملی اقدامات کرے۔ انہوں نے بلوچستان بھر کی سیاسی، سماجی، مذہبی جماعتوں، وکلا، صحافیوں، طلبہ، نوجوانوں اور باشعور عوام سے اپیل کی کہ وہ انصاف، امن اور مظلوم خاندانوں کے حق میں جاری اس پرامن جدوجہد کی بھرپور اخلاقی حمایت جاری رکھیں۔

بقیہ 13

یا تو موٹر واپس کروا لیا گیا مگر مبینہ طور پر پائپ انتہائی کم قیمت پر فروخت کر دیے گئے عوامی حلقوں کی جانب سے محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ڈپٹی کمشنر صحبت پور اور متعلقہ حکام سے مطالبہ ہے کہ اس معاملے کی فوری شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کر کے حقائق عوام کے سامنے لائے جائیں اور اگر کوئی بے ضابطگی ثابت ہو تو ذمہ داروں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے عوامی وسائل کسی کی ذاتی ملکیت نہیں بلکہ عوام کی امانت ہے۔

بقیہ 14

تے ہیں مگر اس کے باوجود عوام بدامنی، خوف اور عدم تحفظ کا شکار ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ لیویز فورس کو فوری طور پر مکمل اختیارات، وسائل اور جدید سہولیات فراہم کر کے مؤثر بنایا جائے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار جماعت اسلامی بلوچستان کے صوبائی سیکرٹریٹ میں مختلف وفود سے ملاقات اور ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا کہ بلوچستان کے مختلف علاقوں سے آئے روز نوجوانوں کی لاشیں مل رہی ہیں، دہشت گردی اور بدامنی میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، جبکہ عوام اپنی جان و مال کے تحفظ کے حوالے سے شدید اضطراب کا شکار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ریاستی اداروں اور حکومت کی بنیادی ذمہ داری شہریوں کو تحفظ فراہم کرنا ہے، لیکن اس حوالے سے متعلقہ ادارے اپنی ذمہ داریاں مؤثر انداز میں ادا کرنے میں ناکام نظر آتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی بلوچستان میں امن کے قیام، عوامی حقوق کے تحفظ، قانون کی بالادستی اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے ہر جمہوری، آئینی اور قانونی فورم پر اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔ چیک پوسٹوں پر عوام کے ساتھ ناروا سلوک، تذلیل، لوٹ مار، بھتہ خوری اور دیگر شکایات کے باعث عوام میں شدید بے چینی پائی جاتی ہے، جس کے پیش نظر جماعت اسلامی عوامی رائے جاننے کے لیے جلد صوبہ بھر میں ریفرنڈم کا انعقاد کرے گی۔ مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا کہ زیارت دھرنا عوام، سیاسی جماعتوں اور قبائلی عمائدین کی مشترکہ جدوجہد ہے، جو اپنے مطالبات کی منظوری تک جاری رہے گا۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ زیارت دھرنے کے تمام جائز مطالبات فوری طور پر تسلیم کیے جائیں، واقعے کی شفاف تحقیقات کی جائیں اور متاثرہ خاندانوں کو انصاف فراہم کیا جائے تاکہ عوام کا ریاستی اداروں پر اعتماد بحال ہو سکے۔

بقیہ 15

د بار رابطہ کیا لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ لہٰذا، انصاف کے حصول کے لیے انہوں نے وفاقی محتسب ریجنل آفس کوئٹہ کو درخواست دی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب ریجنل آفس کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کر دی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ لہٰذا، وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کے بجلی کے بل کی درستگی جلد کی جائے۔ احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے درخواست گزار کے بجلی کے بل کی درستگی کر دی۔ جس سے درخواست گزار کو 50 ہزار کا ریلیف فراہم ہوا۔ اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 16

فراہم کی جا سکے۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق شہر میں ٹریفک کی روانی بہتر بنانے، سرکاری اراضی کا تحفظ یقینی بنانے اور شہریوں کو بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لیے انسداد تجاوزات مہم بلا امتیاز جاری رہے گی۔ انتظامیہ نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ از خود تجاوزات قائم کرنے سے گریز کریں اور شہر کو صاف، منظم اور تجاوزات سے پاک بنانے میں انتظامیہ کے ساتھ تعاون کریں۔

بقیہ 17

م مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے لوگوں کا اغوا اور عدم تحفظ کی وجہ سے عوام ذہنی کوفت میں مبتلا ہو گئے ہیں

بقیہ 18

ن پور کے مطابق ایران پر ہونے والے تازہ امریکی حملوں میں 260 سے زائد افراد زخمی بھی ہوئے ہیں۔ ایرانی حکام کے مطابق زخمیوں میں 3 خواتین اور 18 سال سے کم عمر 6 بچے بھی شامل ہیں۔ ایرانی وزارت صحت کے ترجمان کے مطابق زخمی ہونے والے افراد میں سے 222 کو طبی امداد فراہم کرنے کے بعد اسپتالوں سے فارغ کر دیا گیا ہے۔ بیان کے مطابق حملوں میں شہید ہونے والوں میں متعدد خواتین بھی شامل ہیں۔ ایرانی وزارت صحت کے ترجمان کا یہ بھی کہنا ہے کہ حکومت کے ترجمان نے شہداء کی مجموعی تعداد واضح نہیں کی تاہم جنوبی ایران میں 30 سے زائد شہریوں کی ہلاکت کا دعویٰ سامنے آیا ہے۔#/s#

بقیہ 19

کوئٹہ میں ملاقات کی۔ اس موقع پر بی این پی کے مرکزی سینئر نائب صدر ساجد ترین ایڈووکیٹ، مرکزی سیکرٹری انسانی حقوق احمد نواز بلوچ، مرکزی سیکرٹری فنانس اختر حسین لانگو، حاجی باسط لہڑی، حاجی بہادر خان مینگل، اور دیگر موجود تھے۔ جبکہ وفد میں صوبائی صدر بلوچستان پی ٹی آئی داؤد شاہ کاکڑ، ترجمان تحریک تحفظ آئین اخونزادہ حسین احمد، مرکزی سیکرٹری جنرل پی کے میپ رحیم زیارتوال، صوبائی صدر پی کے میپ قہار خان ودان، اور دیگر موجود تھے۔ سردار اختر جان مینگل اور علامہ راجہ ناصر عباس کے درمیان ملک اور خصوصاً بلوچستان کے مختلف سیاسی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ....اعجاز خان

بقیہ 20

تک مختلف بین الاقوامی ذمہ داریاں بھی انجام دے چکے ہیں۔ انہوں نے 2003 میں یوفون میں چیف فنانشل آفیسر کی حیثیت سے شمولیت اختیار کی اور ایک دہائی تک اس منصب پر خدمات انجام دیں۔ 2017 میں انہیں پی ٹی سی ایل اور یوفون میں گروپ چیف فنانشل آفیسر مقرر کیا گیا، جہاں انہوں نے کمپنی کی مالیاتی حکمت عملی کی قیادت اہم ادارہ جاتی تبدیلی کے دور میں کی، جس میں ٹیلی نار پاکستان کا حصول بھی شامل تھا۔ وہ اس وقت یو مائیکروفنانس بینک کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے رکن ہیں۔ ندیم خان ایک چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ ہیں اور انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان (ICAP) اور انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس ان انگلینڈ اینڈ ویلز (ICAEW) کے رکن ہیں۔ وہ اس وقت انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان کے اکاؤنٹنگ اسٹینڈرڈز بورڈ کے رکن کے طور پر بھی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ ندیم خان اپنے موجودہ منصب پر پی ٹی سی ایل کی جانب سے ملک بھر میں وائر لائن نیٹ ورک کی توسیع اور اسے جدید ترین خطوط پر استوار کرنے کے عمل کی قیادت کریں گے، جس میں فائبرائزیشن اور جدید ترین ڈیجیٹل خدمات کی فراہمی پر خصوصی توجہ دی جائے گی، جبکہ بزنس ٹو بزنس شعبے میں بھی کمپنی کی قائدانہ حیثیت مزید مستحکم کی جائے گی۔ پاکستان کی سب سے بڑی مربوط انفارمیشن اینڈ کمیونیکیشن ٹیکنالوجی (آئی سی ٹی) کمپنی کی حیثیت سے پی ٹی سی ایل براڈ بینڈ اور فائبر انفراسٹرکچر، ڈیٹا سینٹرز اور سب میرین کیبلز میں مسلسل سرمایہ کاری کر رہی ہے تاکہ ملک کی ڈیجیٹل معیشت میں اپنی مرکزی حیثیت کو مزید مضبوط بنا سکے۔ ندیم خان نے 2 جولائی 2026 سے 14 روز کے لیے پی ٹی سی ایل کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کی ذمہ داریاں سنبھالی تھیں۔ آج ان کے تقرر کی توثیق کے ساتھ ہی انہیں کمپنی کا مستقل چیف ایگزیکٹو آفیسر مقرر کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 21

ت ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کی باقاعدہ حاضری کو یقینی بنایا جا رہا ہے تاکہ دیہی علاقوں اور گوٹھوں میں رہنے والے افراد بلاتعطل طبی سہولیات سے مستفید ہو سکیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ ڈاکٹرز اور عملے کی حاضری کو یقینی بنانے کے لیے باقاعدگی سے مانیٹرنگ اور اچانک دورے کیے جاتے ہیں جبکہ مراکز صحت میں ادویات کی دستیابی اور ان کے ریکارڈ کی بھی تسلسل کے ساتھ جانچ پڑتال کی جاتی ہے تاکہ عوام کو بروقت اور معیاری علاج فراہم کیا جا سکے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر نے بتایا کہ ڈویژنل ہیڈکوارٹرز ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی میں بھی طبی سہولیات کی بہتری کے لیے اقدامات جاری ہیں اور میڈیکل سپرنٹنڈنٹ (MS) کو سختی سے ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ ہسپتال آنے والے مریضوں کو بہترین اور بروقت طبی سہولیات فراہم کی جائیں۔ ڈپٹی کمشنر نصیرآباد ورید لعل نے اس موقع پر ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ضلع بھر میں صحت کی سہولیات کو مزید بہتر بنانے ڈاکٹرز اور عملے کی حاضری کو یقینی بنانے اور ادویات کی بلاتعطل فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں تاکہ عوام کو ان کی دہلیز پر معیاری طبی سہولیات میسر آ سکیں

بقیہ 22

م اور مستقبل کے تحفظ کی ضمانت ہوتی ہیں۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ ملک کی سرحدوں، داخلی سلامتی اور عوام کے تحفظ کیلئے اپنی زندگیاں قربان کرنیوالے بہادر سپوت دراصل قومی وقار کے محافظ ہیں انکی قربانیوں کی بدولت لاکھوں شہری سکون، آزادی اور تحفظ کے احساس کے ساتھ زندگی گزارتے ہیں قوم ان عظیم قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کر سکتی اور شہدا کا مقام ہمیشہ بلند رہے گا۔ چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار نے مزید کہا ہے کہ شہادت ایسا اعزاز ہے جو ہر کسی کے نصیب میں نہیں آتا وطن کیلئے جان قربان کرنیوالے اپنے عمل سے ثابت کرتے ہیں کہ قومی سلامتی اور عوام کا تحفظ انکی ذاتی زندگی سے بھی زیادہ اہم ہے انکے اہل خانہ بھی قوم کے احترام اور خراج تحسین کے مستحق ہیں جنہوں نے اپنے پیاروں کی جدائی کا عظیم دکھ برداشت کیا شہدا کی قربانیوں کو صرف الفاظ تک محدود نہ رکھا جائے بلکہ ان کے مشن، اتحاد، حب الوطنی اور قومی ذمہ داری کے جذبے کو عملی زندگی میں اپنایا جائے شہدا وطن ہمیشہ قوم کے دلوں میں زندہ رہیں گے، کیونکہ انکا لہو ملک کی سلامتی اور روشن مستقبل کی بنیاد ہے۔

بقیہ 23

نے کہا کہ بیشتر قومی ٹی وی چینلز کے مالکان ان کے ذاتی دوست ہیں، تاہم وہ اس اہم معاملے پر انہیں اپنی تشویش سے آگاہ کر چکے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے 20 ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان میں شریک قومی میڈیا کے صحافیوں کے سوالات کے جواب دیتے ہوئے کیا وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ بلوچستان کے میڈیا ورکرز کی اکثریت محدود وسائل میں اپنے فرائض انجام دینے والے محنت کش افراد پر مشتمل ہے حکومت نے ہمیشہ کیمرے کے سامنے نظر آنے والے صحافیوں کے ساتھ ساتھ کیمرے کے پیچھے خدمات انجام دینے والے کیمرہ مین اور دیگر میڈیا کارکنوں کی فلاح و بہبود کو بھی مدنظر رکھا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ بلوچستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ کیمرہ مین حضرات کے لیے جرنلسٹ کالونی میں مفت رہائشی فلیٹس تعمیر کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، جس پر عملی پیش رفت جاری ہے میر سرفراز بگٹی نے اس امر پر افسوس کا اظہار کیا کہ قومی میڈیا میں بلوچستان کو زیادہ تر کرائم نیوز تک محدود کر دیا جاتا ہے، جبکہ صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں، گڈ گورننس اور عوامی فلاح و بہبود کے اقدامات کو وہ توجہ نہیں ملتی جس کے وہ مستحق ہیں انہوں نے کہا کہ نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے ہر بیچ میں قومی میڈیا کے اہم صحافی شریک ہوتے ہیں، جہاں انہیں بلوچستان کے زمینی حقائق، عوامی مسائل اور حکومتی اقدامات سے براہ راست آگاہی حاصل ہوتی ہے۔ ایسے میں قومی میڈیا کی ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ امن و امان کی صورتحال کے ساتھ ساتھ ریاست اور حکومت بلوچستان کی جانب سے جاری ترقیاتی منصوبوں اور عوامی خدمت کے اقدامات کو بھی اجاگر کرے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ صوبے کے دور دراز علاقوں میں پیش آنے والے جرائم کی خبریں فوری طور پر قومی میڈیا کی زینت بن جاتی ہیں، بلکہ عوامی فلاح کے لیے کیے جانے والے تاریخی اقدامات اکثر نظرانداز کر دیے جاتے ہیں۔ انہوں نے مثال دیتے ہوئے کہا کہ گزشتہ روز بلوچستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ ای-لوکل اور ای-ڈومیسائل سرٹیفکیٹ کے اجراء کا جدید نظام متعارف کرایا گیا، لیکن اس اہم اصلاحاتی اقدام کو قومی ٹی وی چینلز پر وہ نمایاں جگہ نہیں مل سکی جو کرائم نیوز کو دی جاتی ہے انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان محدود ترقیاتی بجٹ کے باعث دیگر صوبوں کی طرح بڑے پیمانے پر تشہیری مہمات پر وسائل خرچ نہیں کر سکتی۔ ہماری ترجیح اپنی تشہیر کے بجائے ان وسائل کو عوامی خدمت پر صرف کرنا ہے تاکہ کسی دور افتادہ دیہی علاقے میں ایک اسکول یا اسپتال کو فعال بنایا جا سکے۔ وقتی تعریف سے زیادہ ہمارے لیے عوام کی خدمت اور تاریخ کا فیصلہ اہم ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ حکومت کی تمام پالیسیوں اور اقدامات کا محور بلوچستان کا وہ عام محنت کش شہری ہے جو سخت گرمی اور شدید سردی میں بھی اپنے خاندان کی کفالت کے لیے جدوجہد کر رہا ہے، اور حکومت اسی طبقے کی زندگی بہتر بنانے کے لیے عملی اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے انہوں نے اصلاحاتی ایجنڈے اور گڈ گورننس کے فروغ میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی خدمات کو بھی سراہتے ہوئے کہا کہ انہوں نے حکومتی مشینری کے پرنسپل ایڈوائزر افسر کی حیثیت سے ہمیشہ قانون، میرٹ، شفافیت اور عوامی مفاد کو ترجیح دی ہے، جس کے مثبت نتائج سامنے آ رہے ہیں اس موقع پر نیشنل ورکشاپ بلوچستان میں شریک قومی میڈیا کے صحافیوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وہ اپنے اپنے اداروں اور پروگراموں میں بلوچستان کے ترقیاتی پہلو، اصلاحاتی اقدامات اور عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں کو بھی خصوصی اہمیت کے ساتھ اجاگر کریں گے۔

بقیہ 24

لونی سریاب نے تھانہ میں رپورٹ درج کرائی ہے کہ گزشتہ شب میرا کزن حسام الدین اپنی موٹر سائیکل پر آ رہا تھا کہ مری اسٹریٹ کے قریب نامعلوم راہزنوں نے اسلحہ کے زور پر اس سے موبائل فون چھیننے کی کوشش کی مزاحمت کرنے پر فائرنگ کر کے اسے زخمی کر دیا ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں پر وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے چل بسا ملزمان موٹر سائیکل اور موبائل چھوڑ کر فرار ہو گئے نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی۔

بقیہ 25

ن، ضلعی انتظامیہ کے نمائندگان اور متعلقہ اداروں کے حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع بھر کے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر اسپتال، رورل ہیلتھ سینٹرز (RHCs)، بنیادی مراکز صحت (BHUs) اور دیگر طبی مراکز کی مجموعی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر طبی عملے کی حاضری، ادویات کی دستیابی، طبی سہولیات کی فراہمی، زچہ و بچہ کی صحت، حفاظتی ٹیکہ جات، اور عوام کو فراہم کی جانے والی صحت کی سہولیات سے متعلق امور پر غور کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر حب نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو معیاری، بروقت اور مؤثر طبی سہولیات کی فراہمی حکومت بلوچستان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ محکمہ صحت میں فرائض کی انجام دہی میں غفلت، غیر حاضری اور عوامی خدمت میں کوتاہی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے محکمہ صحت کے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تمام سرکاری صحت مراکز میں ڈاکٹروں، پیرامیڈیکل اسٹاف اور دیگر ملازمین کی حاضری کو ہر صورت یقینی بنایا جائے، ادویات اور طبی سہولیات کی بلاتعطل فراہمی برقرار رکھی جائے، جبکہ عوامی شکایات کے بروقت ازالے کے لیے مؤثر اور عملی اقدامات کیے جائیں۔ اجلاس کے دوران مختلف صحت مراکز سے مسلسل غیر حاضر رہنے والے ملازمین کی رپورٹس کا جائزہ بھی لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر حب نے قواعد و ضوابط کے مطابق ایسے ملازمین کی تنخواہوں میں کٹوتی کرنے کی ہدایت جاری کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو فوری کارروائی عمل میں لانے کا حکم دیا۔ اجلاس میں دائمی غیر حاضر (AbsenteeChronic)، فرائض میں غفلت اور ناقص کارکردگی کے مرتکب ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل اسٹاف کے خلاف سخت تادیبی کارروائی پر بھی اتفاق کیا گیا۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی نے ایسے ملازمین کی ملازمت کے خاتمے (Termination) کے لیے متعلقہ حکام کو سفارشات ارسال کرنے کی منظوری دی تاکہ محکمہ صحت میں نظم و ضبط، احتساب اور عوامی خدمت کے معیار کو مزید بہتر بنایا جا سکے۔ اجلاس کے اختتام پر ڈپٹی کمشنر حب نے تمام متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ صحت کے شعبے کو درپیش مسائل کے مؤثر اور پائیدار حل کے لیے باہمی رابطے، مربوط حکمت عملی اور مشترکہ کاوشوں کو یقینی بنایا جائے تاکہ ضلع حب کے عوام کو بہتر، معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی ممکن بنائی جا سکے۔

بقیہ 26

یم ایس ڈی ایچ کیو ہسپتال ڈاکٹر عبدالغفار کاکڑ، پی پی ایچ آئی کے ڈسٹرکٹ منیجر ضیاء الرحمان اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر منور حسین مگسی نے ہدایت کی کہ تمام صحت مراکز میں معیاری طبی سہولیات، ادویات کی دستیابی، طبی عملے کی حاضری، صفائی کے مؤثر انتظامات اور مریضوں کے ساتھ خوش اخلاقی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے تاکہ عوام کو بروقت اور بہتر طبی خدمات فراہم کی جا سکیں۔

بقیہ 27

۔ اگر بعض قوتوں کو قلات کے نام سے ہی اختلاف ہے تو انہیں تاریخ کا مطالعہ کرنا چاہیے۔ قلات صرف ایک انتظامی اکائی کا نام نہیں بلکہ بلوچ قومی تاریخ، مزاحمت اور وقار کی علامت ہے، جہاں فرنگی سامراج بھی ایک صدی کی جدوجہد کے باوجود بلوچ عوام کے عزم کو مکمل طور پر زیر نہیں کر سکا۔ میر نصیر خان نوری اور بلوچ عوام کی مزاحمت تاریخ کا روشن باب ہے۔

بقیہ 28

روز مسافر کوچوں پر فائرنگ اور ڈکیتی کی وارداتیں روز کا معمول بن چکی ہے تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز صادق آباد سے کوئٹہ آنے والی مسافر کوچ پر بختیار آباد کے علاقے میں قومی شاہراہ پر نامعلوم ڈاکوؤں نے فائرنگ کر دی جس سے 3 مسافر زخمی ہو گئے ڈاکو مسافروں سے نقدی، قیمتی سامان، موبائل فون لوٹ کر فرار ہو گئے واقعہ کے خلاف ٹرانسپورٹروں اور ڈرائیوروں نے روڈ بلاک کر کے شدید احتجاج کیا اور مطالبہ کیا کہ قومی شاہراہوں پر سفر کو محفوظ بنانے کے لئے اقدامات اٹھائے جائیں اور ڈاکوؤں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لا کر ٹرانسپورٹروں اور عوام کو ڈاکوؤں سے نجات دلائی جائے۔

بقیہ 29

گار اور عالمی تعاون کے نئے مواقع پیدا کرنا ہے۔ امریکہ پہنچنے پر اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب سفیر عاصم نے رانا مشہود احمد خاں کا استقبال کیا۔ دورے کے دوران چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام اقوام متحدہ کے ہائی لیول پولیٹیکل فورم سے بھی خطاب کریں گے، جس میں پاکستان کے نوجوانوں کی صلاحیتوں، ترقیاتی اقدامات اور عالمی سطح پر ان کے کردار کو اجاگر کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق رانا مشہود احمد خاں اپنے دورے کے دوران یوتھ ڈویلپمنٹ سے متعلق مختلف اداروں کے نمائندوں سے ملاقاتیں کریں گے اور ممکنہ اشتراک، علمی تبادلوں اور نوجوانوں کے لیے پیشہ ورانہ مواقع بڑھانے کے حوالے سے بات چیت کریں گے۔ چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام بیرون ملک مقیم پاکستانی نوجوانوں اور کمیونٹی کے نمائندوں سے بھی ملاقاتیں کریں گے، جن میں نوجوانوں کو بااختیار بنانے کے لیے حکومتی اقدامات اور وزیراعظم یوتھ پروگرام کے مختلف منصوبوں پر روشنی ڈالی جائے گی۔ رانا مشہود احمد خاں کے دورہ امریکہ کا مقصد پاکستانی نوجوانوں کے لیے عالمی شراکت داری کو فروغ دینا، جدید تعلیم و مہارتوں کے مواقع تک رسائی بڑھانا اور نوجوان نسل کو بین الاقوامی سطح پر آگے بڑھنے کے لیے نئے راستے فراہم کرنا ہے

بقیہ 30

کاروباری مراکز کا معائنہ کیا۔ سرکاری نرخنامے پر عملدرآمد نہ کرنے، زائد قیمت وصول کرنے اور دیگر خلاف ورزیوں پر قانونی کارروائی عمل میں لائی گئی۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے واضح کیا ہے کہ عوام کو اشیائے ضروریہ سرکاری نرخوں پر فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، اور گرانفروشی کے خلاف کارروائیاں بلاامتیاز جاری رہیں گی۔

بقیہ 31

کی یادگاری شیلڈ دیتے ہوئے ان کی بلوچستان پولیس کے لیے گراں قدر خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔ اس موقع آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر نے ان کی پیشہ ورانہ خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ دونوں افسران نے رینجز، کوئٹہ اور سینٹرل پولیس آفس میں مختلف حیثیت میں اپنی ذمہ داریاں نہایت دیانت، محنت اور پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ انجام دیں، جو بلوچستان پولیس اور شہریوں کے لیے باعث فخر ہیں۔ آئی جی پولیس نے کہا کہ ڈاکٹر محمد سمیع ملک اور فریال فرید کی خدمات ہمیشہ قدر کی نگاہ سے دیکھی جائیں گی۔ انہوں نے دونوں افسران کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ وہ اپنی نئی ذمہ داریوں میں بھی اسی جذبے اور لگن کے ساتھ فرائض انجام دے کر ادارے کا نام روشن کریں گے۔ تقریب میں ایڈیشنل آئی جی و کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری اشفاق احمد، ایڈیشنل آئی جی آپریشنز شہزادہ اکبر، ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز حسن اسد علوی، ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ لیفٹیننٹ (ر) عمران شوکت سمیت پولیس کے دیگر سینئر افسران بھی موجود تھے، جنہوں نے دونوں افسران کی خدمات کو سراہا اور ان کے روشن مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ 32

اسٹاف اور دیگر ملازمین کی حاضری چیک کی اور متعلقہ حکام سے ہسپتال میں دستیاب طبی سہولیات، ادویات کے ذخیرے اور مریضوں کو درپیش مسائل کے بارے میں تفصیلی بریفنگ حاصل کی۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر عبدالسلام نے زیر علاج مریضوں اور ان کے لواحقین سے بھی ملاقات کی اور ان سے علاج، ادویات اور دیگر سہولیات کے حوالے سے دریافت کیا۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ مریضوں کی شکایات کو فوری طور پر حل کیا جائے اور علاج معالجے کے عمل میں کسی قسم کی غفلت یا تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے ہسپتال انتظامیہ کو صفائی ستھرائی کے نظام کو مزید مؤثر بنانے، ادویات کی مسلسل اور بروقت فراہمی یقینی بنانے طبی آلات کو فعال رکھنے اور تمام شعبوں میں نظم و ضبط برقرار رکھنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے واضح کیا کہ عوام کو معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی حکومت بلوچستان کی اولین ترجیح ہے اور اس مقصد میں کسی قسم کی کوتاہی قابل قبول نہیں ہوگی۔ اسسٹنٹ کمشنر نے ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل اسٹاف اور دیگر ملازمین کو ہدایت کی کہ وہ اپنے فرائض پوری دیانتداری، احساس ذمہ داری اور پیشہ ورانہ انداز میں انجام دیں۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری ملازمین عوام کے خادم ہیں، لہٰذا مریضوں کے ساتھ خوش اخلاقی، بہتر رویہ اور فوری طبی امداد کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ڈپٹی کمشنر دکی محمد نعیم خان کی ہدایت کے مطابق تمام سرکاری اداروں کی کارکردگی کی باقاعدگی سے مانیٹرنگ کی جا رہی ہے تاکہ عوام کو بہتر اور معیاری خدمات کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔ ہسپتالوں سمیت تمام سرکاری اداروں میں اچانک دوروں کا سلسلہ آئندہ بھی جاری رہے گا، جبکہ غفلت، لاپرواہی یا غیر حاضری کے مرتکب اہلکاروں کے خلاف قانون کے مطابق سخت محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 33

متعلقہ افراد کو مدعو کر کے ایک اہم اجلاس منعقد کیا۔ اجلاس میں باہمی اعتماد، تعاون اور رابطوں کو مزید مضبوط بنانے پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ ایس پی کوہلو طیب اقبال نے کہا کہ پولیس اور صحافیوں کا رشتہ چولی دامن کا ساتھ ہے، دونوں ادارے معاشرے میں امن، قانون کی بالادستی اور عوامی آگاہی کے فروغ کے لیے اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صحافی عوام اور ریاستی اداروں کے درمیان پل کا کردار ادا کرتے ہیں جبکہ پولیس عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بناتی ہے، اس لیے باہمی تعاون وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ کوہلو میں پائیدار امن کے قیام اور ترقی کے لیے تمام مکاتب فکر کو مل کر کام کرنا ہوگا۔ اجلاس میں موجود صحافیوں اور یوتھ فورم کے نمائندوں نے ایس پی کوہلو کی کوششوں کو سراہتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ ضلع میں امن و امان، مثبت سرگرمیوں کے فروغ اور عوامی مسائل کے حل کے لیے پولیس کے ساتھ مکمل تعاون جاری رکھیں گے۔ اجلاس خوشگوار ماحول میں اختتام پذیر ہوا جہاں تمام فریقین نے باہمی احترام، برداشت اور تعاون کے جذبے کے ساتھ مستقبل میں مل کر کام کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ ایس پی طیب اقبال نے کہا کہ "ہم سب نے مل کر کوہلو کو امن کا گہوارہ بنانا ہے اور اس مقصد کے حصول کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔"

بقیہ 34

حسن اظہر رضوی نے فیصلہ تحریر کرتے ہوئے قرار دیا کہ اس کیس میں عدالتی دائرہ اختیار سے تجاوز کیا گیا جس سے انصاف کا قتل ہوا۔ فیصلے کے مطابق مونال ریسٹورنٹ کی لیز اور زمین کی ملکیت کا تنازع پہلے ہی سول عدالت میں زیر سماعت تھا، لیکن ہائیکورٹ نے سول کورٹ کے فیصلے سے قبل ہی آئینی درخواست میں حتمی فیصلہ کر دیا۔ عدالت نے کہا کہ اعلیٰ عدلیہ نے سول کورٹ کا دائرہ اختیار استعمال کرتے ہوئے شواہد ریکارڈ کیے بغیر فائنڈنگ دے دی جو قانون کے اصولوں کے خلاف ہے۔ اس کے بعد سپریم کورٹ نے بھی ہائیکورٹ کا فیصلہ برقرار رکھا اور قانونی غلطی کو درست کرنے کے بجائے اس پر مہر ثبت کر دی۔ جسٹس حسن اظہر رضوی نے لکھا کہ ہائیکورٹ نے مارگلہ ہلز پر قائم دیگر ریسٹورنٹس کے خلاف بھی آبزرویشنز اور انکوائری کا حکم دیا جبکہ وہ ریسٹورنٹس اس کیس میں فریق ہی نہیں تھے۔ سپریم کورٹ نے نظرثانی کیس میں بھی فریقین کو اپنا مقدمہ پیش کرنے کا موقع نہیں دیا۔ فیصلے میں کہا گیا کہ فریقین کو سنے بغیر کیے گئے فیصلے کو برقرار نہیں رکھا جا سکتا اور ججز کے حلف کا تقاضا ہے کہ آئین اور قانون کا تحفظ کیا جائے۔ فیصلوں میں موجود غلطیوں کی تصحیح کرنا ججز کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ عدالت نے قرار دیا کہ سپریم کورٹ کا مارگلہ ہلز پر دی گئی تمام لیز منسوخ کرنے کا فیصلہ قانون کے خلاف ہے۔ مارگلہ ہلز پر دائرہ اختیار سی ڈی اے کا ہے اور جمع شدہ کرایہ وائلڈ لائف بورڈ کو دینے کا حکم بھی کالعدم قرار دیا گیا۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے وائلڈ لائف ایکٹ کا درست جائزہ نہیں لیا۔ فیصلے میں مزید کہا گیا کہ سپریم کورٹ نے سول اور ہائیکورٹ میں زیرالتواء تمام کیسز کو اپنے فیصلے سے غیر مؤثر قرار دے دیا تھا۔ اب مونال کی لیز کی رقم اور زمین کی ملکیت کے تنازع پر فیصلہ سول کورٹ قانون کے مطابق کرے گی۔

بقیہ 35

منصوبوں پر پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، جبکہ BSDI فیز-III کے پی سی-ون (I-PC) کی تیاری اور بروقت جمع کرانے سے متعلق امور پر بھی غور کیا گیا۔ اس کے علاوہ ضلع چمن کی مجموعی انتظامی صورتحال، بین الادارہ جاتی روابط اور دیگر اہم عوامی و ترقیاتی معاملات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی نے تمام متعلقہ محکموں کے سربراہان کو ہدایت کی کہ ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ وقت میں مکمل کرنے، اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ برقرار رکھنے اور عوامی مسائل کے حل کے لیے باہمی تعاون کو مزید مضبوط بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان کی ہدایات کے مطابق تمام ترقیاتی منصوبوں کی شفاف، معیاری اور بروقت تکمیل اولین ترجیح ہے۔ اجلاس کے اختتام پر مختلف محکموں کے افسران نے اپنے اپنے شعبوں کی کارکردگی، جاری منصوبوں اور درپیش مسائل سے متعلق بریفنگ دی، جبکہ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ اداروں کو ضروری ہدایات جاری کرتے ہوئے عوامی خدمت کی فراہمی کو مزید مؤثر بنانے پر زور دیا۔

بقیہ 36

بلوچستان ریونیو اتھارٹی عبداللہ خان کی ہدایات پر بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) نے ریسٹورنٹس، ہوٹلز، کیفے، کافی ہاؤسز، فوڈ چینز، آئس کریم شاپس اور دیگر فوڈ سروس فراہم کنندگان کیلئے بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز ایکٹ، 2015 کے تحت نظرثانی شدہ 4 فیصد سیلز ٹیکس کی شرح کے نفاذ کیلئے آگاہی اور مانیٹرنگ مہم مزید تیز کر دی ہے۔ اس سلسلے میں بی آر اے کی ٹیم نے کابل جی ریسٹورنٹ، ایمپائر فوڈ کارنر، نیو ڈومینوز پیزا، سویٹ پائنٹس، کیفے زمزم، بی بیری سمیت متعدد ریسٹورنٹس اور فوڈ آؤٹ لیٹس کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران کاروباری اداروں کو آگاہ کیا گیا کہ فنانس ایکٹ 2026 کے تحت ان خدمات پر بلوچستان سیلز ٹیکس کی شرح 2 فیصد سے بڑھا کر 4 فیصد کر دی گئی ہے۔ انہیں نظرثانی شدہ شرح کے مطابق ٹیکس وصولی، بروقت ریٹرن فائلنگ، واجب الادا ٹیکس کی ادائیگی، بی آر اے کے ساتھ رجسٹریشن اور پوائنٹ آف سیل (POS) کے مؤثر استعمال سمیت تمام قانونی تقاضوں پر عملدرآمد کی ہدایت کی گئی۔ بلوچستان ریونیو اتھارٹی نے واضح کیا کہ ٹیکس قوانین کی مکمل تعمیل تمام سروس فراہم کنندگان کی قانونی ذمہ داری ہے، جبکہ عدم تعمیل کی صورت میں بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز ایکٹ، 2015 کے تحت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اتھارٹی نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ شفاف ٹیکس نظام، کاروبار دوست ماحول اور محصولات میں اضافے کیلئے صوبہ بھر میں آگاہی اور انفورسمنٹ مہمات بلاتعطل جاری رہیں گی۔

بقیہ 37

والوں کو مختلف حیلے بہانوں کے ذریعے تنگ کر کے زندگی اجیرن بنا دی ہے میں حکومت سے مطالبہ کرتا ہوں کہ ہمیں تحفظ فراہم کیا جائے۔ یہ بات انہوں نے اہلیہ کے ہمراہ بدھ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ میں نے جیکب آباد میں پسند کی شادی کی ہے لڑکی کے گھر والے پولیس کے ذریعے میرے گھر والوں کو تنگ کرتے ہیں جس کی وجہ سے ہماری زندگی اجیرن ہو کر رہ گئی ہے ہماری جانوں کو خطرہ ہے ہم حکومت اور قانون نافذ کرنے والے اداروں سے اپیل کرتے ہیں کہ ہمیں تحفظ فراہم کیا جائے تاکہ پرسکون زندگی گزار سکیں۔

بقیہ 38

ب روڈ" کا نام دینے کی منظوری دے دی گئی ہے۔ اس حوالے سے پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعلیٰ بلوچستان نے سیکریٹری لوکل گورنمنٹ کو باقاعدہ مراسلہ جاری کر دیا ہے تاکہ ضروری قانونی اور انتظامی کارروائی مکمل کی جا سکے انہوں نے کہا کہ شہید پروفیسر ناظمہ طالب نے شعبہ تعلیم میں نمایاں خدمات انجام دیں اور اپنے فرض کی ادائیگی کے دوران عظیم قربانی پیش کی۔ حکومت بلوچستان اس قربانی کو ہمیشہ عزت و احترام کی نگاہ سے دیکھتی ہے اور ایسے افراد کی خدمات کو نئی نسل کے لیے مشعل راہ سمجھتی ہے معاون وزیر اعلیٰ نے کہا کہ عوامی مقامات کو قومی ہیروز، شہداء اور ممتاز شخصیات کے نام سے منسوب کرنا ان کی خدمات کے اعتراف کے ساتھ ساتھ نوجوان نسل میں حب الوطنی، خدمت اور ایثار کے جذبے کو فروغ دینے کا مؤثر ذریعہ ہے شاہد رند نے کہا کہ حکومت بلوچستان شہداء، اساتذہ اور معاشرے کی خدمت کرنے والی شخصیات کی عزت و تکریم کے لیے عملی اقدامات جاری رکھے گی تاکہ ان کی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں۔

بقیہ 39

پر اپنے پیغام میں وفاقی وزیر نے کہا کہ وزیراعظم کا ویژن ہے کہ ہر نوجوان اعلیٰ تعلیم کے ساتھ جدید ہنرمندی سے بھی آراستہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی نوجوانوں میں آئی ٹی کے شعبے میں عالمی سطح پر نمایاں مقام حاصل کرنے کی بھرپور صلاحیت موجود ہے

بقیہ 40

مشکلات سے دوچار کر دیا ہے۔ مارٹل اور بیسار کے کاروبار سے وابستہ مزدور روزگار سے محروم ہو چکے ہیں، جبکہ ہوٹل مالکان، گیراج چلانے والے، دکاندار، ٹرانسپورٹرز اور دیگر چھوٹے کاروباری افراد کا کاروبار بھی بری طرح متاثر ہوا ہے۔ روزانہ کی بنیاد پر ہونے والی خرید و فروخت تقریباً ختم ہو چکی ہے، جس کی وجہ سے بازاروں میں بھی غیر معمولی سناٹا دیکھنے میں آ رہا ہے۔ متاثرہ مزدوروں کا کہنا ہے کہ فیکٹریاں بند ہونے کے بعد ان کے گھروں کے چولہے ٹھنڈے پڑ گئے ہیں اور وہ اپنے بچوں کی بنیادی ضروریات پوری کرنے سے بھی قاصر ہیں۔ دوسری جانب تاجروں کا کہنا ہے کہ جب صنعتی سرگرمیاں رک جاتی ہیں

TENDER NOTICE

The ASSISTANT DIRECTOR KACHHI invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2026 on Percentage Rates

Tender Fee 2000 PKR and Bid Security 2% for each work

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	CONSTRUCTION OF ADDITIONAL BATHROOMS ZIAREEN HOSTEL AT BABA MANDHO DAS MANDIR JALAL KHAN TEHSIL BAGH DISTRICT KACHHI TSE-2627071123193	29,700,000
2	CONSTRUCTION OF ADDITIONAL ROOMS ZIAREEN HOSTEL AT BABA MANDHO DAS MANDIR JALAL KHAN TEHSIL BAGH DISTRICT KACHHI TSE-2627071123263	29,700,350

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 20,790,000 PKR Amount in 2 subsequent previous years showing financial capacity of the firm **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Gurantee, Deposit at Call** of 2% specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **2,000 PKR Issuance of tender Documents: From the date of publication of NIT to 30 July, 2026** during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **30 July, 2026 till 09:00 AM. Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at **10:00 AM Address:** Local Government Office, Dhadar **Phone no: 0832415425**
Email: qaz.shoran@gmail.com

ASSISTANT DIRECTOR LOCAL GOVT KACHHI

DPRQ/PRQ No.169/15-7-2026

تمام روڈ اور تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے غیر محفوظ ہیں حکومت سب اچھا کا راگ الاپ رہی ہے، اسلم بلوچ

حاجی نور احمد لہڑی کو بازیاب کیا جائے، نیشنل پارٹی کا مطالبہ

بلوچستان کے حالات گزشتہ دو دہائیوں سے بدترین ہو چکے ہیں یہاں پر بسنے والے تمام لوگ عدم تحفظ کا شکار ہیں، خطاب

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی بلوچستان کے صدر اسلم بلوچ، اراکین صوبائی اسمبلی میر رحمت صالح بلوچ، کلثوم نیاز بلوچ نے پارٹی کی مرکزی خواتین سیکرٹری یاسمین لہڑی کے والد حاجی نور احمد لہڑی کے اغواء کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ انہیں فوری طور پر بحفاظت بازیاب کرا کر ریاست اپنی رٹ قائم کرے حکومت کی غیر سنجیدگی، عدم توجہی کی وجہ سے بلوچستان بدامنی کا گڑھ بن چکا ہے جہاں پر سیاسی کارکنوں سمیت تما (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 17)

کوئٹہ، شہر بھر میں جاری انسدادِ تجاوزات مہم تیزی سے جاری

منظم اور تجاوزات سے پاک بنانے میں انتظامیہ کے ساتھ تعاون کریں

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کی ہدایات اور ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کے احکامات کی روشنی میں شہر بھر میں جاری انسداد تجاوزات مہم تیزی سے جاری ہے اس سلسلے میں سیٹلائٹ ٹاؤن میں ضلعی انتظامیہ اور میٹروپولیٹن کارپوریشن کی جانب سے مشترکہ آپریشن کیا گیا۔ یہ کارروائی اسپیشل مجسٹریٹ اعجاز حسین کھوسہ اور اینٹی انکروچمنٹ ٹیم کے انچارج علی رضا کی نگرانی میں عمل میں لائی گئی، جس کے دوران سرکاری اراضی، فٹ پاتھوں اور سڑکوں پر قائم غیر قانونی تجاوزات کا خاتمہ کیا گیا تاکہ شہریوں کو آمدورفت میں سہولت (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 16)

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار نعمت اللہ کو بجلی کے بل میں 50000 روپے کا ریلیف فراہم کروا دیا گیا

کوئٹہ (پ ر) وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار نعمت اللہ کو بجلی کے بل میں 50000 روپے کا ریلیف فراہم کروا دیا گیا۔ درخواست گزار نعمت اللہ نے بتایا کہ کیسکو کی جانب سے انہیں بجلی کا غیر منصفانہ بل بھیجا گیا۔ جس کی درستگی کے لیے انہوں نے متعلقہ محکمے سے متعد (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 15)

ایف سی پر ہر سال قومی خزانے سے اربوں روپے خرچ کیے جاتے ہیں، مولانا ہدایت الرحمن

جماعت اسلامی بلوچستان میں ایف سی کو نکالنے، عوامی رائے معلوم کرنے کے لیے صوبہ بھر میں عوامی ریفرنڈم کرائے گی، خطاب

بلوچستان میں قیام امن، عوام کے جان و مال کے تحفظ اور دیرپا استحکام کیلئے ایف سی کو بلوچستان سے نکالنا لیویز فورس کو بحال کرنا ہوگا

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں قیام امن، عوام کے جان و مال کے تحفظ اور دیرپا استحکام کے لیے ایف سی کو بلوچستان سے نکالنا لیویز فورس کو بحال کرنا ہوگا۔ جماعت اسلامی بلوچستان میں ایف سی کو نکالنے، عوامی رائے معلوم کرنے کے لیے صوبہ بھر میں عوامی ریفرنڈم کرائے گی۔ ایف سی پر ہر سال قومی خزانے سے اربوں روپے خرچ کیے جا (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 14)

اسلام آباد، فرید احمد تارڑ، چیئرمین کمپیٹیشن کمیشن آف پاکستان چیئرمین نیب لیفٹیننٹ جنرل (ر) نذیر احمد کے ساتھ ملاقات کر رہے ہیں

زیارت شہدا دھرنا مکمل طور پر پرامن، آئینی اور عوامی جدوجہد ہے، ترجمان

دھرنے کے شرکا اور لواحقین کے مطالبات جائز، آئینی اور انسانی تقاضوں کے مطابق ہیں

حکومت کو چاہیے کہ شہدا کے قاتلوں کو فوری طور پر گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لائے

کوئٹہ (آن لائن) نائب امیر جماعت اسلامی بلوچستان اور ترجمان زیارت شہدا لواحقین دھرنا عبدالمتین اخونزادہ نے کہا ہے کہ زیارت شہدا دھرنا مکمل طور پر پرامن، آئینی اور عوامی جدوجہد ہے جس کا مقصد بے گناہ شہدا کے لواحقین کو انصاف دلانا اور علاقے میں امن و امان کی بحالی کو یقینی بنانا ہے۔ دھرنے کے شرکا اور لواحقین کے مطالبات جائز، آئینی اور انسانی (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 12)

کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی کی زیرِ صدارت اجلاس

میرٹ کی بنیاد پر شفاف تعیناتیاں موجودہ حکومت کا وژن ہیں، بات چیت

نصیر آباد (خ ن) بلوچستان ہائی کورٹ کے احکامات کی روشنی میں کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی کی زیر صدارت ایس بی کے (SBK) بھرتیوں سے متعلق ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع صحبت پور کے ایک امیدوار کی جانب سے (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 11)

متقصد کے حصول کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے، عائشہ رضا فاروق

بلوچستان کو جلد از جلد پولیو سے پاک کرنا اولین ترجیح ہے، چیف سیکرٹری بلوچستان

ہر بچے تک ویکسین پہنچانا حکومت اور متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے اور پولیو مہم میں کوئی بھی بچہ مس نہ ہو

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سے وزیراعظم کی پولیو مہم کی فوکل پرسن عائشہ رضا فاروق اور سربراہ نیشنل ایمرجنسی آپریشن سینٹر انوار الحق نے صوبے میں پولیو کے خاتمے اور آئندہ مہم کی حکمت عملی کے حوالے سے ملاقات کی۔ ملاقات میں دونوں رہنماؤں نے مشترکہ عزم کا اظہار کیا کہ بلوچستان کو جلد از جلد پولیو سے پاک کرنا اولین ترجیح ہے اور اس مقصد کے حصول کے لیے تمام دستیاب وسا (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 1)

پاکستان نے 4,722 ارب روپے قرضہ قبل از وقت واپس کر کے نئی تاریخ رقم کر دی

قرضہ مقررہ مدت سے قبل واپس کر کے مالی نظم و ضبط اور اقتصادی استحکام کی جانب ایک اہم سنگِ میل عبور

اسلام آباد (آن لائن) حکومت کی مؤثر معاشی اور مالیاتی حکمت عملی کے نتیجے میں پاکستان نے ملکی تاریخ میں پہلی بار 4,722 ارب روپے (تقریباً 17 ارب امریکی ڈالر) سے زائد قرضہ مقررہ مدت سے قبل واپس کر کے مالی نظم و ضبط اور اقتصادی استحکام کی جانب ایک اہم سنگِ میل عبور کر لیا ہے۔ حکومتی حلقوں کے مطابق قرضوں کی قبل از وقت ادائیگی سے نہ صرف مالیاتی بوجھ میں کمی آئی ہے بلکہ سرمایہ کاروں کے اعتماد اور ملکی اقتصادی ساکھ کو بھی تقویت ملی ہے۔ وزیر خزانہ کے مشیر برائے معاشی امور خرم شہزاد نے بتایا کہ پاکستان اب تک مجموعی طور پر 4,722 ارب (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 2)

صحبت پور کی تحصیل فرید آباد کے تاریخی تجارتی شہر جھنڈ شریف کی واٹر سپلائی اسکیم میں مبینہ بے ضابطگیوں کا انکشاف

صحبت پور (آن لائن) ضلع صحبت پور کی تحصیل فرید آباد کے تاریخی تجارتی شہر جھنڈ شریف کی واٹر سپلائی اسکیم میں مبینہ بے ضابطگیوں کا انکشاف ذرائع کے مطابق واٹر سپلائی اسکیم جھنڈ شہر کے پرانے موٹر اور قیمتی پائپ فروخت کر دیے گئے ذرائع کے موجب جب معاملہ منظر عام پر آ (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 13)

حکومت ساحل و سائل پر قبضہ جمانے کیلئے پشتون بلوچ کی خون بہائے جا رہے ہیں

نام نہاد دہشت گردی کی آڑ میں حکمرانوں نے خیبر پختونخوا اور بلوچستان کو میدان جنگ بنایا ہے، مولانا عبدالقادر لونی

حکومت کی ظلم و جبر کی باعث آج بلوچستان خیبر پختونخوا کشمیر اور گلگت بلتستان سرائیکی سب ناراض ہے، مولانا عبدالمالک

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے قائم مقام امیر مولانا عبدالقادر لونی ضلعی امیر ضلع زیارت مولانا عبدالمالک سینکڑوں کارکنوں کے ساتھ سانحہ زیارت دھرنے میں شرکت کی دھرنے سے جمعیت علمائے اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی قائم مقام امیر مولانا عبدالقادر لونی ضلعی امیر ضلع زیارت عبدالمالک خطاب کرتے ہوئے کہ کل 15 جولائی پورے بلوچستان نکل کر مظلوم شہدا کے صدا بن (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 3)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے مختلف وفد ملاقات کر رہے ہیں

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کیچ تابش علی بلوچ کی زیرِ صدارت اجلاس

فیز 3 میں ضلع کیچ کی ترقی کے لیے 78 نئی ترقیاتی اسکیمیں شامل کی گئی ہیں

تربت (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کیچ تابش علی بلوچ کی زیر صدارت بی ایس ڈی آئی (BSDI) ... جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں محکمہ بی اینڈ آر، اربن پلاننگ، ڈسٹرکٹ کونسل، پبلک ہیلتھ انجینئرنگ (PHE)، ایجوکیشن، اسپورٹس، ... (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 4)

ڈونلڈ ٹرمپ کی طرف سے عراق کے نئے وزیراعظم علی الزیدی کا وائٹ ہاؤس میں پرتپاک استقبال

واشنگٹن (آن لائن) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے گزشتہ روز عراق کے نئے وزیراعظم علی الزیدی کا وائٹ ہاؤس میں پرتپاک (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 10)

بلوچستان پولیس میں تقرر و تبادلے

کوئٹہ (خ ن) سینٹرل پولیس آفس بلوچستان ... (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 9)

تمام اسٹیک ہولڈرز کو ساتھ لے کر مسائل کے دیرپا حل پر یقین رکھتی ہے، ڈی سی گوادر

ضلعی انتظامیہ گوادر عوامی مسائل کے بروقت اور مؤثر حل کیلئے متحرک ہے، نقیب اللہ کاکڑ

... (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 5)

بجلی بند رہنے کی اطلاع

کوئٹہ (خ ن) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) ... (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 7)

بلوچستان میں بااختیار مقامی حکومتوں پر مکالمہ

ہیلتھ اینڈ رورل ڈویلپمنٹ کی دوسری مشاورتی نشست

... (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 6)

میری زمینیں جھڈیر شاخ کی ٹیل پر ہیں، شاہد خان کھوسہ

جھڈیر شاخ کی ٹیل پر بااثر زمینداروں ... (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 8)

طبی سہولیات کی بہتری کیلئے اقدامات جاری ہیں، ڈی سی نصیر آباد

حاضری کو یقینی بنانے کیلئے باقاعدگی سے مانیٹرنگ اور اچانک دورے کیے جاتے ہیں

... (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 21)

حالیہ امریکی حملوں میں 30 شہری شہید ہوئے، ایرانی حکام

... (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 18)

سردار اختر مینگل سے اپوزیشن لیڈر علامہ راجہ ناصر عباس کی سربراہی میں وفد کی ملاقات

... (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 19)

پی ٹی سی ایل نے ندیم خان کو بطور چیف ایگزیکٹو آفیسر تقرر کی توثیق کر دی

... (Millicom) ... (International Cellular) ... (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 20)

جنہوں نے اپنے پیاروں کی جدائی کا عظیم دکھ برداشت کیا شہدا کی قربانیوں کو صرف الفاظ تک محدود نہ رکھا جائے

شہدائے وطن قوم کے ماتھے کا وہ روشن چراغ جو کبھی بجھ نہیں سکتا، سینیٹر محمد عبدالقادر

وطن کی خاطر قربانی دینے والے سپوت، قوم کا فخر اور سرمایہ ہیں، محافظانِ وطن کو قوم کا سلام شہدا کی قربانیاں، امن و آزادی کی ضامن ہیں

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ وطن کی سلامتی، امن اور خودمختاری کیلئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہدا قوم کے حقیقی ہیروز ہیں جن قوموں کے محافظ اپنے فرائض کی ادائیگی میں عظیم قربانیاں دیتے ہیں، وہ قومیں ہمیشہ اپنے محسنوں کو عزت و احترام سے یاد رکھتی ہیں شہدا کی قربانیاں محض ایک فرد کی جدائی نہیں بلکہ پورے ملک کے امن، استحکا (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 22)

کوئٹہ، صوبائی مشیر برائے بلدیات و دیہی ترقی بلوچستان نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری، پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما میر داد کریم جام سے اور ان کے بیٹے حاجی فیض محمد زہری سے ان کی اہلیہ کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

سرفراز بگٹی کا میڈیا چینلز کے کوئٹہ بیوروز کی بندش اور میڈیا ورکرز کی برطرفیوں پر گہری تشویش کا اظہار

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے قومی میڈیا چینلز کے کوئٹہ بیوروز کی بندش اور میڈیا ورکرز کی برطرفیوں پر ایک بار پھر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ میڈیا ہاؤسز کے مالکان کو غریب اور محنت کش میڈیا کارکنوں کے مسائل کا احساس کرنا ہوگا۔ انہوں (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 23)

کوئٹہ، نامعلوم راہزنوں نے موبائل، موٹر سائیکل چھیننے کے دوران مزاحمت پر فائرنگ کر کے نوجوان کو قتل کر دیا

کوئٹہ (آن لائن) سریاب کے علاقے مری اسٹریٹ کے قریب نامعلوم راہزنوں نے موبائل، موٹر سائیکل چھیننے کے دوران مزاحمت پر فائرنگ کر کے نوجوان کو قتل کر دیا اور فرار ہو گئے۔ نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی پولیس کے مطابق گزشتہ روز حبیب احمد سکنہ احمد زئی کا (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 24)

کوئٹہ، ہمنگلی روڈ پر مزدور تزئین و آرائش کے کام میں مصروف ہیں

ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی (DHC) کا ماہانہ اجلاس

عوامی خدمت میں کوتاہی کسی صورت برداشت نہیں کی جائیگی

حب (خ ن) ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی (DHC) کا ماہانہ اجلاس ڈپٹی کمشنر حب کی زیر صدارت ڈپٹی کمشنر آفس حب میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں محکمہ صحت کے ضلعی افسرا (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 25)

مستونگ تاریخی اعتبار سے ریاستِ قلات کا ایک اہم حصہ رہا ہے، جاوید بلوچ

الگ کرنا تاریخی، سیاسی اور تہذیبی شناخت کو مسخ کرنا ایک شرمناک اور گھناؤنی سازش ہے

مستونگ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی سنٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبر چیئرمین جاوید بلوچ نے قلات ڈویژن کے خاتمے اور ضلع مستونگ کو کوئٹہ ڈویژن میں شامل کرنے کے فیصلے پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مستونگ کو قلات سے الگ کرنا اور قلات کی تاریخی، سیاسی اور تہذیبی شناخت کو مسخ کرنا ایک شرمناک اور گھناؤنی سازش ہے۔ انہوں نے کہا کہ مستونگ تاریخی اعتبار سے ریاست قلات کا ایک اہم حصہ رہا ہے اور سیاسی، جغرافیائی اور ثقافتی لحاظ سے قلات کی شناخت سے جڑا ہوا ضلع ہے (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 27)

ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ منور حسین مگسی کی زیرِ صدارت اجلاس

انتظامات اور مریضوں کے ساتھ خوش اخلاقی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے

قلعہ عبداللہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ منور حسین مگسی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی (DHC) کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر میں صحت کے شعبے کی کارکردگی، سرکاری ہسپتالوں، بنیادی مراکز صحت (BHUs)، رورل ہیلتھ سینٹرز (RHCs) اور پی پی ایچ آئی کے زیر انتظام مراکز میں طبی سہولیات، ادویات کی دستیابی، طبی عملے کی حاضری اور دیگر امور کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عبدالسلام کھوسو، (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 26)

قومی شاہراہ پر صادق آباد سے کوئٹہ آنے والی مسافر کوچ پر نامعلوم مسلح ڈاکوؤں کی فائرنگ سے 3 مسافر زخمی

کوئٹہ (آن لائن) بختیار آباد کے علاقے میں قومی شاہراہ پر صادق آباد سے کوئٹہ آنے والی مسافر کوچ پر نامعلوم مسلح ڈاکوؤں کی فائرنگ سے 3 مسافر زخمی ہوگئے فائرنگ کے بعد مسافروں سے نقدی، موبائل فون اور قیمتی سامان لوٹ کر فرار ہوگئے یاد رہے کہ مذکورہ علاقے میں آئے (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 28)

چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خاں سرکاری دورے پر امریکہ پہنچ گئے

اسلام آباد (آن لائن) چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خاں سرکاری دورے پر امریکہ پہنچ گئے ہیں، جہاں وہ مختلف اہم سرکاری و غیر سرکاری ملاقاتوں اور سرگرمیوں میں شرکت کریں گے۔ دورے کا مقصد پاکستانی نوجوانوں کے لیے تعلیم، ہنرمندی، روز (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 29)

ملازمت کے دوران پوسٹنگ ٹرانسفر زندگی کا حصہ ہے، محمد طاہر

ڈاکٹر محمد سمیع ملک اور ایس پی فریال فرید کے اعزاز میں الوداعی تقریب

کوئٹہ (آن لائن) انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان محمد طاہر نے کہا ہے کہ ملازمت کے دوران پوسٹنگ ٹرانسفر زندگی کا حصہ ہے ڈاکٹر سمیع ملک اور فریال فرید نے بلوچستان فرائض کی ادائیگی میں اپنا مؤثر اور کلیدی کردار ادا کرتے ہوئے پیشہ ورانہ خدمات سرانجام دی ہیں۔ ہماری نیک تمنائیں اور دعائیں ان کے ساتھ ہیں جہاں ان کی تعیناتی ہوئی ہے وہاں وہ احسن طریقے سے اپنی ذمہ داری نبھائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز سینٹرل پولیس آفس میں ڈاکٹر سمیع ملک اور فریال فرید کی خیبر پختونخوا تعیناتی پر الوداع کے موقع پر کیا۔ اور انہیں پولیس (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 31)

سرکاری نرخنامے کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں

عوام کو اشیائے ضروریہ سرکاری نرخوں پر فراہم کرنا انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، ڈی سی کوئٹہ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے احکامات اور ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی ہدایات کی روشنی میں ضلعی انتظامیہ نے شہر کے مختلف علاقوں میں گرانفروشوں اور سرکاری نرخنامے کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں کیں۔ ان کارروائیوں کے دوران 25 افراد کو گرفتار کر کے جیل منتقل کر دیا گیا، جبکہ متعدد دکانداروں کو سخت وارننگ بھی جاری کی گئی۔ ضلعی انتظامیہ کی ٹیموں نے چلاک، سریاب، کاسی روڈ، گوالمنڈی چوک اور دیگر علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے گوشت فروشوں، تندوروں، ملک شاپس سمیت مختلف (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 30)

کوئٹہ، آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر تبادلہ ہونے والے ڈاکٹر سمیع ملک اور فریال فرید کو پولیس یادگاری شیلڈ دے رہے ہیں

اس حوالے سے پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعلیٰ بلوچستان نے سیکریٹری لوکل گورنمنٹ کو باقاعدہ مراسلہ جاری کر دیا ہے

کوئٹہ کینٹ کی اہم شاہراہ کو شہید پروفیسر ناظمہ طالب کے نام سے منسوب کرنے کا فیصلہ

تعلیم کے شعبے میں گراں قدر خدمات اور وطن کیلئے عظیم قربانی دینے والی شہید پروفیسر ناظمہ طالب کی یاد کو ہمیشہ کیلئے زندہ رکھنے کیلئے اہم فیصلہ

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے تعلیم کے شعبے میں گراں قدر خدمات اور وطن کے لیے عظیم قربانی دینے والی شہید پروفیسر ناظمہ طالب کی یاد کو ہمیشہ کے لیے زندہ رکھنے کے لیے ایک اہم فیصلہ کیا ہے معاون وزیر اعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے بتایا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان کی ہدایت پر گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ گرلز کالج، کوئٹہ کینٹ کے سامنے واقع سڑک کو "شہید پروفیسر ناظمہ طا (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 38)

پاکستانی نوجوانوں کو عالمی معیار کی ڈیجیٹل مہارتوں سے آراستہ کرنا اولین ترجیح ہے، شزہ فاطمہ

ڈیجیٹل معیشت میں خواتین کی فعال شمولیت ملک کی ترقی اور خوشحالی کے لیے ناگزیر ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر برائے آئی ٹی و ٹیلی کمیونیکیشن شزہ فاطمہ خواجہ نے کہا ہے کہ حکومت پاکستانی نوجوانوں کو عالمی معیار کی ڈیجیٹل مہارتوں سے آراستہ کرنے کے لیے بھرپور اقدامات کر رہی ہے تاکہ انہیں مستقبل کی ڈیجیٹل معیشت اور عالمی روزگار کی منڈی میں مؤثر انداز میں مقابلے کے قابل بنایا جا سکے۔ عالمی یوم ہنرمندی برائے نوجوانان کے موقع (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 39)

نال میں بیسار اور ماربل فیکٹریوں کی بندش، ہزاروں خاندان معاشی مشکلات کا شکار

نال (آن لائن) نال میں بیسار اور ماربل فیکٹریوں کی بندش، ہزاروں خاندان معاشی مشکلات کا شکار نال میں گزشتہ دو ماہ سے بیسار اور ماربل فیکٹریوں کی سرگرمیاں معطل ہونے کے باعث علاقے میں شدید معاشی بحران پیدا ہو گیا ہے۔ ان فیکٹریوں کی بندش نے نہ صرف سینکڑوں بلکہ ہزاروں مزدوروں، کاروباری افراد اور محنت کش خاندانوں کو شدید (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 40)

پسند کی شادی کرنے پر میری اور اہلیہ کی جانوں کو خطرہ ہے تحفظ فراہم کیا جائے، نیک محمد

کوئٹہ (آن لائن) جیکب آباد کے رہائشی نیک محمد نے کہا ہے کہ میں نے پسند کی شادی کی ہے لڑکی کے گھر والے مجھے اور میرے گھر (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 37)

ریسٹورنٹس اور ہوٹل سروسز پر نظرثانی شدہ ٹیکس شرح کے نفاذ کیلئے بی آر اے کی آگاہی و مانیٹرنگ مہم جاری

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن، وزیر خزانہ بلوچستان میر شعیب نوشیروانی کی رہنمائی اور چیئرمین (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 36)

ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی کی زیرِ صدارت اجلاس

بین الادارہ جاتی روابط اور دیگر اہم عوامی و ترقیاتی معاملات پر تبادلہ خیال

تمام ترقیاتی منصوبوں کی شفاف، معیاری اور بروقت تکمیل اولین ترجیح ہے

چمن (خ ن) ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی کی زیر صدارت آج ڈپٹی کمشنر میٹنگ ہال چمن میں ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی (DCC) کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلعی انتظامیہ، قانون نافذ کرنے والے اداروں، سیکیورٹی فورسز اور مختلف سرکاری محکموں کے سربراہان نے شرکت کی۔ اجلاس میں BSDI فیز-II کے تحت مکمل ہونے والے ترقیاتی (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 35)

مارگلہ ہلز پر قائم مونال ریسٹورنٹ کی لیز اور زمین کی ملکیت کے تنازع پر آٹھ صفحات پر مشتمل تفصیلی فیصلہ جاری

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی آئینی عدالت نے مارگلہ ہلز پر قائم مونال ریسٹورنٹ کی لیز اور زمین کی ملکیت کے تنازع پر آٹھ صفحات پر مشتمل تفصیلی فیصلہ جاری کرتے ہوئے اسلام آباد ہائیکورٹ اور سپریم کورٹ کے احکامات کو قانون کے خلاف قرار دے کر کالعدم کر دیا ہے۔ جسٹس (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 34)

اسسٹنٹ کمشنر تھل چوٹیالی کا ڈی ایچ کیو ہسپتال دکی کا دورہ

مریضوں کو درپیش مسائل کے بارے میں تفصیلی بریفنگ حاصل کی

دکی (خ ن) ڈپٹی کمشنر دکی محمد نعیم خان کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر تھل چوٹیالی عبدالسلام نے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر (ڈی ایچ کیو) ہسپتال دکی کا اچانک دورہ کیا، جہاں انہوں نے ہسپتال کے مختلف شعبوں کا تفصیلی معائنہ کرتے ہوئے مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، صفائی کی صورتحال، ادویات کی دستیابی اور عملے کی کارکردگی کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران اسسٹنٹ کمشنر نے ایمرجنسی وارڈ، آؤٹ پیشنٹ ڈیپارٹمنٹ (او پی ڈی)، میڈیسن سٹور، مختلف وارڈز اور دیگر شعبوں کا معائنہ کیا۔ انہوں نے ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 32)

ایس پی کوہلو طیب اقبال کی کاوشوں سے پولیس، صحافیوں اور یوتھ فورم کے درمیان غلط فہمیاں دور

کوہلو (آن لائن) ڈی آئی جی کوہ سلیمان رینج کے حالیہ دورہ؟ کوہلو کے دوران پولیس، صحافی برادری اور یوتھ فورم کے درمیان پیدا ہونے والی غلط فہمیوں کو خوش اسلوبی سے حل کر لیا گیا۔ اس سلسلے میں ایس پی کوہلو طیب اقبال نے تمام صحافیوں، یوتھ فورم کے نمائندوں اور (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 33)

حب: ڈپٹی کمشنر جمعہ داد خان ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں